آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 25 جولائی 2020ء بمطابق 04 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 203

قوم نے کورونا کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے طویل سفر طے کیا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کورونا وائرس پر قابو پانے کے اقدامات میں کامیابی ملی ہے اور صورتحال میں نمایاں بہتری آرہی ہے، اس میں نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کاوشیں شامل ہیں

کورونا وائرس کا چیلنج پوری دنیا کے لئے بہت بڑا ہے جس سے نمٹنے کے لئے ہمارے اداروں نے دن رات محنت کی اور ان اداروں کے اہلکار اس سے متاثر بھی ہوئے اور شہید بھی ہوئے جنہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

وفاقی وزیر اسد عمر نے بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے قائدانہ کردار، وژن اور صوبائی حکومت کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (ٹی این) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ قوم نے کووڈ۔19 کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے ایک طویل سفر طے کیا ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کورونا وائرس پر قابو پانے کے اقدامات میں کامیابی ملی ہے اور صورتحال میں نمایاں بہتری آرہی ہے، اس میں نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کی مشترکہ کاوشیں شامل ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے این سی او سی کے منعقدہ اجلاس سے بحیثیت میزبان خطاب کرتے ہوئے کیا، وفاقی وزیر اسد عمر، نیشنل کوآرڈینیٹر این سی او سی لیفٹیننٹ جنرل حمود الزمان اور دیگر متعلقہ سول و عسکری حکام اجلاس میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان نیشنل ڈیولپمنٹ کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع: فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغرین	07:27

بلوچستان میں مکمل امن و امان کو یقینی بنانا اور ترقی اولین ترجیح ہے

وزیراعظم

بلوچستان میں معدنی وسائل کی استعداد کو بروئے کار لانے اور فروغ کے کے لئے بلوچستان منرل ایکسپلوریشن کمپنی قائم کی جائیگی

ماضی میں بلوچستان کو مالی وسائل فراہم کیے گئے لیکن عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ان کے مناسب استعمال کو یکسر نظر انداز کیا جاتا رہا

بلوچستان میں معدنی وسائل کی استعداد کو بروئے کار لانے اور فروغ کے کے لئے بلوچستان منرل ایکسپلوریشن کمپنی قائم کی جائیگی ، وزیر اعظم عمران خان

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مکمل امن و امان کو یقینی بنانا اور سماجی و اقتصادی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان پر مشتمل کمیٹی مواصلات، زراعت، توانائی اور دیگر مجوزہ منصوبوں کا جائزہ لیکر ترجیحات مرتب کرکے پیش کریگی، بلوچستان میں معدنی وسائل کی استعداد کو بروئے کار لانے اور فروغ کے کے لئے بلوچستان منرل ایکسپلوریشن کمپنی قائم کی جائیگی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو نیشنل ڈویلپمنٹ کونسل (قومی ترقیاتی کونسل) کے دوسرے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی، وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت نیشنل

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ماضی میں بلوچستان کو مالی وسائل فراہم کیے گئے لیکن عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ان کے مناسب استعمال کو یکسر نظر انداز کیا جاتا رہا، وزیر منصوبہ بندی، مشیر خزانہ

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے اپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان جمہوریہ اٹلی کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا، پرویز خٹک

مختلف شعبوں میں دفاعی تعاون کو مزید بڑھانا چاہتا ہے، علاقے کی صورتحال، خطے میں امن و استحکام کیلئے پاکستان کے عزم پر تبادلہ خیال

وزیر دفاع کا پاک فضائیہ کو فوجی ساز و سامان کی فراہمی میں سہولت فراہم کرنے پر ممنونیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوریہ اٹلی کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے مختلف شعبوں میں دفاعی تعاون کو مزید بڑھانا چاہتا ہے۔ جمعہ کو اٹلی کے سفیر آمدریاس فیریس نے وفاقی وزیر دفاع پرویز خٹک سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی و علاقائی کی تازہ ترین صورتحال اور خطے میں امن و استحکام کے لئے پاکستان کے عزم پر تبادلہ خیال ہوا۔ ترجمان وزارت دفاع کے مطابق وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

حکومت کی چوری کی نیت، نااہلی، نالائقی اور بدانتظامی کی وجہ سے بدترین آٹا بحران آچکا ہے، مریم اورنگزیب

عمران مافیا کی حکومت ملک میں فوڈ سکیورٹی کا بحران پیدا کرکے قومی سلامتی سے کھیل رہی ہے، ترجمان (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی چوری کی نیت، نااہلی، نالائقی اور بدانتظامی کی وجہ سے بدترین آٹا بحران آچکا ہے، عمران مافیا کی حکومت ملک میں فوڈ سکیورٹی کا بحران پیدا کرکے قومی سلامتی سے کھیل رہی ہے۔ اپنے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

تعلیم میں بدعنوانی اور غفلت کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

وزیر تعلیم سردار محمد رند

کلسٹر بجٹ فراہم کرنے کے باوجود چھت کا گرنا تشویشناک ہے خدا کا شکر ہے کہ اسکول بند ہونے کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند اوستہ محمد میں اسکول کی چھت گرنے کا نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کردی، انہوں نے کہا ہے کہ تعلیم قوم کا مستقبل ہے اس میں بدعنوانی اور غفلت کسی بھی صورت برداشت نہیں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کشمیری جدوجہد آزادی کی خاتون رہنما آسیہ اندرابی کی طویل حراست انتہائی تشویشناک ہے، سینیٹر شیلی فراز

سیاسی نظریات کی بنا پر ضعیف اور بیمار مسلمان عورت کی قید بھارتی ریاستی سامراجی ذہنیت کی عکاس ہے، ہم انکی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شیلی فراز نے کہا ہے کہ کشمیری جدوجہد آزادی کی خاتون رہنما آسیہ اندرابی کی طویل حراست انتہائی تشویشناک ہے۔ اپنے ٹویٹ میں وزیر اطلاعات سینیٹر شیلی فراز نے کہا کہ کشمیری جدوجہد آزادی کی خاتون

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 27 کیس رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 11550 ہوگئی جبکہ 9899 صحت یاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 27 کیس رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 11550 ہوگئی جبکہ 9899 صحت یاب، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعہ کو بلوچستان کے تین اضلاع کوئٹہ سے 7، پنجگور سے 17، قلات سے 3 کیس رپورٹ ہوئے جس کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

عالمی بینک کے کاروباری آسانیوں کے انڈیکس میں پاکستان کی پوزیشن 28 پوائنٹس بہتر ہوئی، عبدالرزاق داؤد

حکومت بہترین پالیسی اور برآمدات میں اضافہ اور درآمدات میں کمی کے ذریعے معاشی استحکام کی سمت عملی پر عمل پیرا ہے، مشیر تجارت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ حکومت صنعتکاروں اور تاجروں کو بہترین ترغیبی اور منافع بخش پیکج دے کر برآمدات میں اضافہ اور درآمدات میں کمی کے ذریعے معاشی استحکام کی سمت عملی پر عمل پیرا ہے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

کرونا کا سبق۔ ذمہ دار شہری بنو، سماجی فاصلہ رکھو، ماسک پہنو، سینیٹائزر کے استعمال کی عادت اپناؤ، یاد رکھیں کرونا ہے ہجوم میں آسانی سے داخل ہوتا ہے۔ بلا وجہ ہجوم لگانے سے پرہیز کریں، اگر مجبوری ہو تو احتیاطی تدابیر اختیار کرنا اولین شرط ہے۔ عیدالاضحی کے دوران کرونا وائرس کے ایک مرتبہ پھر شدت کے ساتھ پھیلنے کے خدشات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اپنے دورہ سریاب کے موقع پر سڑکوں اور نالی آب کے ترقیاتی کاموں کے معائنہ کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

حب: ڈکیتی مزاحمت کرنے پر فائرنگ سے پمپ مالک دانش آفریدی موقع پر جاں بحق

حب (آن لائن) گزشتہ شب سنی ہوٹل کے قریب جام کالونی میں مسلح ڈکیتوں کا منی پٹرول پمپ پر ڈکیتی کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے دشت کے قریب گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے دشت کے قریب گاڑی کی ٹکر سے ایک شخص

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

قلات میں بارودی سرنگ کا دھماکہ، موٹر سائیکل سوار شخص شدید زخمی

قلات (آن لائن) قلات شیداری پارود کے علاقے میں بارودی سرنگ کا دھماکہ، موٹر سائیکل سوار

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

خضدار سے نوجوان کی نعش برآمد، تشدد کرکے جان سے مارا گیا تھا

خضدار (این این آئی) خضدار سے نوجوان کی نعش برآمد، تشدد کرکے جان سے مارا گیا تھا تفصیلات

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزارت سائنس اور ٹیکنالوجی نے پی ای سی کو ہدایت دی ہے کہ کنٹریکٹ کمپنیوں کو ریلیف دیا جائے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ وزارت سائنس اور

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ کے نیب کے حوالے سے کیے گئے فیصلے سے پی ٹی آئی اور نیب کا گٹھ جوڑ ثابت ہوگیا، ارشد محمود قریشی

راولپنڈی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما ممبر کینٹ بورڈ راولپنڈی وارڈ 18 ارشد محمود قریشی نے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کے اجلاس میں طے پایا کہ پی ٹی آئی پر کرپشن کا جھوٹا الزام لگایا جائے، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے سیاسی روابط ڈاکٹر شہباز گل

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

حکومت نے کرونا کے بعد مختلف شعبوں کو دیئے گئے 1240 ارب روپے ریلیف کی تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے کرونا کے بعد مختلف شعبوں کو دیئے گئے 1240 ارب روپے

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان میں کورونا کیسز میں مسلسل کمی، 1209 نئے کیسز سامنے آگئے

ملک بھر میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد دو لاکھ 70 ہزار سے تجاوز کرگئی، مزید 54 افراد چل بسے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 5763 ہوگئی، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا کیسز میں مسلسل کمی، 1209 نئے کیسز سامنے آئے، مزید 54 افراد چل بسے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 5763 ہوگئی۔ جمعہ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر نے کورونا وائرس کے تازہ اعداد و شمار جاری کردیئے کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں کورونا کے 1209 کیسز رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد دو لاکھ 70 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ اعلامیہ کے مطابق کورونا کے متاثرہ مزید 54 مریض جاں بحق ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے اموات کی تعداد 5763 ہوگئی، سندھ میں کورونا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پنجاب میں 91423، خیبر پختونخوا میں 32898، بلوچستان میں تعداد 11523 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق اسلام آباد میں 14766، گلگت میں 1918 اور آزاد کشمیر میں 1989 کیسز رپورٹ ہوئے

عوام کو انصاف فراہمی اور پولیس نظام میں بہتری اولین ترجیح ہے، ضیاء لانگو

انٹرنیٹ کے ذریعے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے طریقے کار کچھ اس طرح بنایا گیا ہے

عوام کی طرف سے سب سے پہلے کنٹرول روم میں تحریری شکایت موصول ہوتی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

پشاور (ٹی این) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کو دورہ پشاور کے دوران خیبر پختونخوا میں آن لائن ایف آئی آر کے جدید سسٹم منصوبہ کے بارے میں بریفنگ دی گئی صوبائی سیکرٹری سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پشاور افتخار خان، ایم ڈی آئی ٹی بورڈ پشاور شہباز خان نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبے کی نگرانی کیلئے ڈی آئی جی ریکٹ کے افسر کو مقرر کیا گیا ہے جبکہ اس پراجیکٹ کے لیے کنٹرول روم سنٹرل پولیس آفس پشاور میں قائم کیا گیا ہے اجلاس کے شرکاء نے وزیر داخلہ بلوچستان کو بتایا کہ انٹرنیٹ کے ذریعے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے طریقے کار کچھ اس طرح بنایا گیا ہے کہ عوام کی طرف سے سب سے پہلے کنٹرول روم میں تحریری شکایت موصول ہوتی ہے جس کے بعد وہ شکایت متعلقہ تھانے کو بھیجی جاتی ہے تھانے میں ابتدائی تفتیش کے بعد ہی فیصلہ ہوتا ہے شکایت کو ایف آئی آر میں تبدیل کیا جائے یا نہیں کیونکہ پولیس افسران کے مطابق کئی ایسی شکایات ہوتی ہیں جس میں ایف آئی آر درج کرانے کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سب سے زیادہ روزگار معیشت سے وابستہ ہے اس پر توجہ دی جائے، خواجہ آصف

موجودہ وبائی صورتحال میں جو سامان حیدرآباد میں تقسیم کیا گیا اس کی تفصیلات لایا ہوں جس پر شرم آرہی ہے، صابر حسین قائم خانی

بہت اچھی بات ہے کہ کچھ نہ پہچانا جائے، اگر کسی ذاتی کو سامان دیا گیا تو ان کا نام سامنے لائیں، بار، اراکین نے الیکشن لینے کیلئے تفصیلات الگ بھی

اسمبلی نے خواجہ آصف سے تحریری تجاویز مانگ لیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ ہماری معیشت زرعی ہے، سب سے زیادہ روزگار زراعت سے وابستہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم 5 روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم 5 روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق کوئٹہ کی 10 یونین کونسلوں میں انسداد پولیو مہم پانچ روز جاری رہنے کے بعد جمعہ کو اختتام پذیر ہوگئی خصوصی پولیو مہم کے دوران ایک لاکھ 10 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف رکھا گیا تھا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق پی ایم ڈی سی بحال ہوچکی، پی ایم ڈی سی پہلے کی طرح کام کررہی ہے، علی محمد خان

حکومت میں دوائیوں کی قیمتوں کا سکینڈل آیا، وزیر صحت کو فارغ کیا گیا، دوائیوں کے سکینڈل کی تحقیقات کی کیا صورتحال ہے، مشاہد حسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے سینٹ کو بتایا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے مطابق پی ایم ڈی سی بحال ہوچکی، پی ایم ڈی سی پہلے کی طرح کام کر رہی ہے۔ جمعہ کو وقفہ سوالات کے دوران وزیر مملکت علی محمد خان نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے مطابق پی ایم ڈی سی بحال ہوچکی ہے اور پی ایم ڈی سی پہلے کی طرح کام کر رہی ہے۔ ادویات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ پر ارکان سینٹ کے حکومت سے کڑے سوالات سامنے آئے۔ وزیر مملکت نے بتایا کہ ڈرگ ریگولیٹری پالیسی ہم نے نہیں نواز شریف حکومت نے بنائی تھی، ہم نواز شریف دور کی ڈرگ پرائسنگ پالیسی پر ہی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

سابق چیئرمین سینٹ رضا ربانی نے پی آئی اے سے متعلق حکومت پر سوالات کی بوچھاڑ کردی

سول ایوی ایشن میں کس نے پیسے بنائے، سول ایوی ایشن میں جو لوگ ذمہ دار تھے حکومت ان کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کررہی، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینٹ رضا ربانی نے پی آئی اے سے متعلق حکومت پر سوالات کی بوچھاڑ کردی۔ جمعہ کو اجلاس کے دوران رضا ربانی نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری کے لیے جان بوجھ کر اسے اس صورتحال میں لایا گیا، پی آئی اے کو ان پابندیوں سے 90 بلین کا نقصان ہوگا، سول ایوی ایشن میں کس نے پیسے بنائے، سول ایوی ایشن میں جو لوگ ذمہ دار تھے حکومت ان کے خلاف کارروائی کیوں نہیں کررہی، کیا یہ درست نہیں کہ پی آئی اے کے کمروں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ملک میں الیکشن یا سلیکشن کے دو سال مکمل ہوگئے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

معاشی، توانائی، چینی، آٹے کے بحران اور بڑے بڑے اسکینڈل اور مہنگائی، بے روزگاری کے تحفے ملے ہیں، سابق اپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک میں الیکشن یا سلیکشن کے دو سال مکمل ہوگئے ہیں جس کے بعد ملک کو صرف اور صرف معاشی بحران، مہنگائی، بے روزگاری، چینی، آٹے، ادویات، پیٹرول و گیس کی قیمتوں میں اضافہ ملا ہے، دعا ہے کہ یہ دور اب اب مزید نہ بڑھے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ آج ملک میں الیکشن یا سلیکشن کے دو سال مکمل ہوگئے ہیں وقت اور تاریخ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

انٹربینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں 55 پیسے جب کہ اوپن مارکیٹ میں 20 پیسے کی کمی

کراچی (این این آئی) انٹربینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں 55 پیسے جب کہ اوپن مارکیٹ میں 20 پیسے کی کمی ہوئی۔ فارن ایکسچینج ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق جمعہ کو انٹربینک میں جمعرات کو ڈالر کی قدر میں 55 پیسے کی کمی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کسی بھی غیر ملکی کو ملک کیساتھ کھیلنے کا کوئی حق نہیں

اسلام آباد ہائی کورٹ

آخری سماعت پر وزارت داخلہ کا جواب جمع کرچکا ہوں، سنتھیا ڈی رچی کے پاس 31 اگست تک پاکستان کا ویزہ ہے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل

ایک غیر ملکی پاکستان آئی ہے اور بڑے سنگین الزامات لگائے، کسی بھی غیر ملکی کو ملک کے ساتھ کھیلنے کا کوئی حق نہیں، چیف جسٹس اطہر من اللہ کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں امریکی شہری سنتھیا ڈی رچی کو ملک بدر کرنے کے کیس میں وزارت داخلہ کی رپورٹ برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سیکرٹری داخلہ کو رپورٹ پر نظر ثانی کا حکم دیا۔ جمعہ کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں امریکی شہری سنتھیا ڈی رچی کو ملک بدر کرنے کے کیس کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے کی۔ سنتھیا رچی اپنے وکیل کیساتھ بذریعہ درخواست گزار کی جانب سے لطیف کھوسہ عدالت میں پیش ہوئے، وفاقی کی جانب سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل طارق کھوکھر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے سیکرٹری داخلہ کو رپورٹ پر نظر ثانی کا حکم دیا۔ عدالت نے سیکرٹری داخلہ کی رپورٹ پر عدالت کی برہمی کا اظہار کیا۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل طارق کھوکھر نے کہا کہ آخری سماعت پر وزارت داخلہ کا جواب جمع کرچکا ہوں، سنتھیا ڈی رچی کے پاس 31 اگست تک پاکستان کا ویزہ ہے۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ سنتھیا رچی کے خلاف ایف آئی اے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کی جانب سے دو سالہ کارکردگی عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ

قومی پالیسیاں، خارجہ محاذ میں کامیابیاں، معاشی چیلنجز اور احساس پروگرام سمیت دیگر منصوبے عوام کے سامنے رکھے جائینگے

وزیراعظم کی ہدایت پر وزراء نے کارکردگی کا تمام ریکارڈ ترتیب دینا شروع کردیا، اسی طرز پر پنجاب کی کارکردگی بھی سامنے لائی جائیگی

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے اپنی دو سالہ کارکردگی عوام کے سامنے لانے کا فیصلہ کرلیا ہے، اس سلسلے میں وزراء نے کارکردگی رپورٹس تیار کرنا شروع کردیں، وفاقی حکومت کے بعد پنجاب حکومت کی کارکردگی بھی عوام کے سامنے رکھی جائے گی جس میں کورونا وائرس سے پیدا ہونے والی معاشی صورتحال سے بھی عوام کو آگاہ کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے اپنی دو سال کی کارکردگی قوم کے سامنے لانے کا فیصلہ کرلیا ہے اور وزیراعظم کی ہدایت پر وزراء

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (این این آئی) پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے جمعہ کو ایران سے 66 پاکستانی شہری پاک ایران امیگریشن گیٹ تفتان سے ان کی واپسی ہوئی ہے جن میں 37 پنجاب، 13 خیبر پختونخوا، 10 سندھ، 3 بلوچستان اور 3 گلگت بلتستان سے ہیں پاک ایران

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

خصوصی افراد کے حقوق کے تحفظ کے لئے قوانین 2020 ایک جامع دستاویز ثابت ہوگی، سید قاسم نوید قمر

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ برائے معاون خصوصی برائے محکمہ بحالی خصوصی افراد سندھ سید قاسم نوید قمر نے کہا ہے کہ خصوصی افراد کے حقوق کے مکمل تحفظ کے لئے قوانین 2020 ایک جامع دستاویز ہوگی اور اس کے ذریعے خصوصی افراد کے حقوق کا تحفظ کیا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے غیور عوام عیدالاضحیٰ سادگی سے منائیں اور سماجی فاصلے برقرار رکھیں تاکہ کورونا وائرس کی وبا نہ پھیل سکے، بلوچستان نیشنل پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان کے غیور عوام عیدالاضحیٰ سادگی سے منائیں اور سماجی فاصلے برقرار رکھیں تاکہ کورونا وائرس کی وبا نہ پھیل سکے بیان میں کہا گیا ہے کہ کورونا کیسز میں کمی آئی ہے کوئٹہ اور بلوچستان میں قوی امکان ہے کہ اگر احتیاط نہ کی گئیں سماجی فاصلے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

تعلیم کا اصل مقصد کردار سازی اور شعور کو پختہ کرنا ہے

اگر نہیں بلوچستان

صحتمند تعلیمی ماحول کو یقینی بنانا، اپنے اساتذہ کو مناسب اور بروقت معاوضہ دینا نجی تعلیمی اداروں کے مالکان کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہیں

معاشرے سے جہالت و گمراہی کے اندھیروں کے خاتمے کیلئے اجتماعی شعور اجاگر کرنے کے طرز پر چلانا ہوگا، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ٹی این) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ پرائیویٹ سکولوں اور کالجوں کے مالکان کو اپنے نجی تعلیمی ادارے محض کاروبار کی نیت سے نہیں بلکہ معاشرے سے جہالت و گمراہی کے اندھیروں کے خاتمے کیلئے اجتماعی شعور اجاگر کرنے کے طرز پر چلانا ہوگا، اس ضمن میں تعلیم کو فروغ دینے، فیسوں میں اضافہ کرنے سے قبل والدین کو اعتماد میں لینا، صحتمند تعلیمی ماحول کو یقینی بنانا، اپنے اساتذہ کو مناسب اور بروقت معاوضہ دینا نجی تعلیمی اداروں کے مالکان کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سابق رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر اسحاق بلوچ اور نوابزادہ ریاض ترشیروانی کی قیادت میں والدین فورم کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد سے بات چیت کرتے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

تبدیلی کے دعویداروں نے آج نئے پاکستان کو 50 سال پیچھے دھکیل دیا ہے، علی مدد جتک

عوام اب اس تبدیلی کو مزید برداشت نہیں کرسکتی، حکمرانوں کا جانا طے ہوچکا ہے عوام عید کے بعد اچھی خبر سنیں گے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان نیشنلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ 2 سال میں یوٹرن، مہنگائی کی تباہی، جھوٹ، میگا اسکینڈلز کے علاوہ ملک و قوم کو کچھ نہیں ملا، تبدیلی کے دعویداروں نے آج نئے پاکستان کو 50 سال پیچھے دھکیل دیا ہے عوام اب اس تبدیلی کو مزید برداشت نہیں کرسکتی، حکمرانوں کا جانا طے ہوچکا ہے عوام عید کے بعد اچھی خبر سنیں گے۔ یہ بات انہوں نے 2018 کے عام انتخابات کے دو سال مکمل ہونے پر اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

رجسٹرار بلوچستان بائی کورٹ راشد محمود کا بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی کے تربیتی پروگرام کے اختتام پر کورس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ

مریم اورنگزیب کا ملک میں آٹے اور گندم کے سنگین ہوتے بحران پر شدید احتجاج

حکومت کی چوری کی نیت، نااہلی، نالائقی اور بدانتظامی کی وجہ سے بدترین آٹا بحران آنہیں رہا، آچکا ہے

دوائی، چینی، پٹرول چور مافیا اب وزیراعظم کی سربراہی میں عوام کا آٹا چوری کر رہا ہے، ترجمان مسلم لیگ (ن) کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے ملک میں آٹے اور گندم کے سنگین ہوتے بحران پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوائی، چینی، پٹرول چور مافیا اب وزیراعظم کی سربراہی میں عوام کا آٹا چوری کر رہا ہے، حکومت کی چوری کی نیت، نااہلی، نالائقی اور بدانتظامی کی وجہ سے بدترین آٹا بحران آچکا ہے، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران مافیا حکومت ملک میں فوڈ سکیورٹی کا بحران پیدا کرکے قومی سلامتی سے کھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذرعی ملک میں گندم کی فصل کے بعد آٹے گندم کا بحران کرپشن، ذخیرہ اندوزی،

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

تعمیر و ترقی کیلئے کاروباری و تجارتی سرگرمیوں کا فروغ ناگزیر ہے، زرکون

دوسری جانب بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی جانب سے کاروبار میں آسانی سے متعلق سیل کا اجرا کیا گیا ہے جو ایک انقلابی قدم ہے

ذریعے کاروباری حضرات اور اداروں کو ون ونڈو آپریشن کے تحت تمام سہولیات ایک چھتری تلے دستیاب ہوں گی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (ٹی این) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بل

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

25 جولائی 2020ء

کورونا اور حکومتی رویے

گزشتہ چار مہینوں سے کورونا نے دنیا بھر میں غیر معمولی تباہی مچا رکھی ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مجموعی طور پر اب تک ڈیڑھ کروڑ سے زائد افراد کورونا سے متاثر ہو چکے ہیں جن میں سے چھ لاکھ انیس ہزار آٹھ سو سے زائد جان کی بازی ہار گئے۔ علاوہ ازیں کورونا کے باعث ناقابل بیان معاشی تباہی کا سامنا ہے۔ کروڑ افراد بیروزگار ہو چکے ہیں دنیا کی بڑی بڑی معیشتیں مشکلات کا شکار ہو گئی ہیں۔ پاکستان میں بھی کورونا نے اب تک پانچ ہزار چھ سو 77 افراد کی جان لے لی ہے۔ جبکہ دو لاکھ 67 ہزار چار سو 28 افراد اس وبا کا شکار ہوئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان کے مختلف علاقوں میں مزید 40 افراد جاں بحق ہوئے ہیں جبکہ ایک ہزار ایک سو 73 نئے کیسیز سامنے آئے ہیں۔ شروع میں کورونا وائرس سے تحفظ اور اس کے انسداد کے لئے حکومتی اقدامات کی کمی اور خود عوام میں سنجیدہ اور بیداری کے فقدان نے اس وبا کے پھیلاؤ کو خطرناک حد تک بڑھایا اور اموات کی شرح سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے تنبیہ کیا ہے کہ سرحد پر جارحیت کے ذمہ دار بھارتی فوجیوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ یاد رہے کہ دو روز قبل بھارتی فوجیوں نے لداخ سرحد پر چینی فوجیوں کے ساتھ چھیڑ خوانی کی جس کے نتیجے میں چینی فوجیوں نے انھیں پیچھے دھکیل دیا۔ اس عمل کے دوران بھارتی فوجی دریا میں گرنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ خود بھارتی فوجی ذرائع کا کہنا ہے کہ جائے وقوع پر کوئی فائرنگ نہیں ہوئی بلکہ دونوں ملکوں کے فوجیوں میں مکوں گھونسوں سے ہی لڑائی ہوئی۔ بھارتی فوج کے ایک سابق سربراہ جنرل (ر) بکرم سنگھ نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان امن قائم رہنا ضروری ہے۔ اگر کمانڈروں کی سطح کے مذاکرات کامیاب نہیں ہوئے تھے تو بھی بھارتی فوجیوں کو تحمل سے کام لینا چاہیے تھا۔ انھوں نے کہا کہ قوت کا استعمال کوئی آپشن نہیں ہے۔ جنرل بکرم سنگھ کا کہنا ہے کہ چین کے جنگی عزائم نہیں وہ تجارت جانب ہے۔ انھوں نے کہا کہ سرحدی کشیدگی کو ختم کرنے اور صورتحال کو معمول پر لانے کے لئے سفارتی اور سیاسی ذرائع کو ہی بروئے کار لانا چاہئے۔ حقیقت یہ ہے کہ خطے کے دو بڑے ملکوں کے درمیان محاذ آرائی خطے کے امن اور ترقی کے مفاد میں نہیں ہیں۔

بھوک اور آنسو

خواتین کے ایک معروف سرکاری کالج میں انگلش کا پیریڈ تھا کہ ایک طالبہ زور زور سے رونے لگی ٹیچر نے پڑھانا چھوڑا بھاگم بھاگ اس کے پاس جا پہنچی بڑی نرمی سے دریافت کیا کیا بات ہے بیٹی کیوں

روری ہو۔ اس نے سسکیاں لے کر جواب دیا میرے فیس کے پیسے چوری ہو گئے ہیں بیگ میں رکھے تھے کسی نے نکال لئے ہیں۔ ٹیچر نے ایک لڑکی کو اشارہ کرتے ہوئے کہا کمرے کے دروازے بند کر دو کوئی باہر نہ جائے سب کی تلاشی ہو گی ٹیچر نے سامنے کی تین رو سے طالبات کی خود تلاشی لی اور پھر انہیں پوری کلاس کی طالبات کی جیبیں چیک کرنے اور بستوں کی تلاشی کی ہدایت کر دی کچھ دیر بعد دو لڑکیوں کی تکرار سے اچانک کلاس ایک بار پھر شور سے گونج اٹھی ٹیچر اپنی کرسی سے اٹھتے ہوئے بولی۔ کیا بات ہے؟

"مس تلاشی لینے والی طالبہ بولی ۔۔ کوثر اپنے بیگ کی تلاشی نہیں لینے دے رہی۔۔ ٹیچر وہیں تڑک سے بولی پیسے پھر اسی نے چرائے ہوں گے

کوثر تڑپ کر بولی نہیں۔ نہیں مس میں چور نہیں ہوں "چور۔۔ نہیں ہو ٹیچر کہنے لگی تو پھر بیگ کی تلاشی لینے دو

"نہیں۔ کوثر نے کتابوں کے بیگ کو سختی سے اپنے سینے کے ساتھ لگا لیا نہیں میں تلاشی نہیں دوں گی۔ ٹیچر آگے بڑھی اس نے کوثر سے بیگ چھیننے کی کوشش کی لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکی اسے غصہ آ گیا ٹیچر نے کوثر کے منہ پر تھپڑ دے مارا دو زور زور سے رونے لگ گئی ٹیچر پھر آگے بڑھی ابھی اس نے طالبہ کو مارنے کیلئے ہاتھ اٹھایا ہی تھا کہ ایک بارعب آواز گونجی "رک جاؤ ٹیچر نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ پرنسپل تھیں نہ جانے کب کسی نے انہیں خبر کر دی تھی۔۔۔ انہوں نے طالبہ اور ٹیچر کو اپنے دفتر میں آنے کی ہدایت کی اور واپس لوٹ گئیں۔ پرنسپل نے پوچھا کیا معاملہ ہے ٹیچر نے تمام ماجرا کہہ سنایا۔ انہوں نے طالبہ سے بڑی نرمی سے پوچھا "تم نے پیسے چرائے؟

"نہیں اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ کوثر کی آنکھوں میں بھر آئے تھے

"بالفرض مان بھی لیا جائے۔ پرنسپل متانت سے بولیں تمام طالبات اپنی اپنی تلاشی دے رہی تھیں تم نے انکار کیوں کیا؟

کوثر خاموشی سے میڈم کو تکنے لگی۔ اس کی آنکھوں سے دو موٹے موٹے آنسو نکل کر اس کے چہرے پر پھیل گئے۔ ٹیچر نے کچھ کہنا چاہا جہانداد پرنسپل نے ہاتھ اٹھا کر اسے روک دیا پرنسپل کا دل طالبہ کا چہرہ دیکھ کر اسے چور ماننے پر آمادہ نہ تھا پھر اس نے تلاشی دینے کے بجائے تماشا بننا گوارا کیوں کیا۔۔ اس میں کیا راز ہے؟ دو سوچنے لگی اور پھر کچھ سوچ کر ٹیچر کو کلاس میں جانے کا کہہ دیا۔ پرنسپل نے بڑی محبت سے کوثر کو اپنے سامنے والی نشست پر بٹھا کر پھر استفسار کیا اس نے خاموشی سے اپنا بیگ ان کے حوالے کر دیا پرنسپل نے اشتیاق، تجسس اور دھڑکتے دل کے ساتھ بیگ کھولا۔ مگر یہ کیا کتابوں کاپیوں کے ساتھ ایک کالے رنگ کا پھولا پچکا ہوا شاپر بیگ بھی باہر نکل آیا طالبہ کو یوں لگا جیسے اس کا دل سینے سے باہر نکل آیا ہو۔ کوثر کی ہچکیاں بندھ گئیں پرنسپل نے شاپر کھولا اس میں کھائے ادھ کھائے برگر، سموسے اور پیزے کے ٹکڑے، نان کچھ کباب اور دہی کی چٹنی میں ڈوبی چکن کی بوٹیاں۔ سارا معاملہ پرنسپل کی سمجھ میں آ گیا۔۔ وہ کانپتے وجود کے ساتھ اٹھی روتی ہوئی کوثر کو گلے لگا کر خود بھی رونے لگ گئی۔ کوثر نے بتایا میرا کوئی بڑا بھائی نہیں۔ دیگر 3 بہن بھائی اس سے چھوٹے ہیں والد صاحب ریٹائرمنٹ سے پہلے ہی بیمار رہنے لگے تھے گھر میں کوئی اور کفیل نہیں ہے پنشن سے گذارا نہیں ہوتا بھوک سے مجبور ہو کر ایک دن رات کا فاقہ تھا ناشتے میں کچھ نہ تھا کالج آنے لگی تو بھوک اور نقاہت سے چلنا مشکل ہو گیا میں ایک تکہ کباب کی دکان کے آگے سے گذری تو کچرے میں کچھ نان کے ٹکڑے اور ادھ کھانا ایک چکن پیس پڑا دیکھا بے اختیار اٹھا کر کھا لیا قریبی نل سے پانی پی کر خدا کر شکر ادا کیا۔ پھر ایسا کئی مرتبہ ہوا ایک دن میں دکان کے تھڑے پر بیٹھی پیٹ کا دوزخ بھر رہی تھی کہ دکان کا مالک آ گیا اس نے مجھے دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا ندیدوں کی طرح نان اور کباب کے ٹکڑے کھاتا دیکھ کر پہلے وہ پریشان ہوا پھر ساری بات اس کی سمجھ میں آ گئی وہ ایک نیک اور ہمدرد انسان ثابت ہوا میں نے اسے اپنے حالات سچ سچ بتا دیئے اسے بہت ترس آیا اب وہ کبھی کبھی میرے گھر کھانا بھی بھیج دیتا ہے اور گاہکوں کا بچا ہوا کھانا، برگر وغیرہ روزانہ شاپر میں ڈال اپنی دکان کے باہر ایک مخصوص جگہ پر رکھ دیتا ہے جو میں کالج آتے ہوئے اٹھا کر کتابوں کے بیگ میں رکھ لیتی ہوں اور جاتے ہوئے گھر لے جاتی ہوں میرے امی ابو کو علم ہے میں نے کئی مرتبہ دیکھا ہے لوگوں کا بچا کھچا کھانا کھاتے وقت ان کی آنکھوں میں آنسو ہوتے ہیں بہن بھائی چھوٹے ہیں انہیں کچھ علم نہیں وہ تو ایک دوسرے سے چھین کر بھی کھا جاتے ہیں۔ یہ چھوٹی سی سچی کہانی کسی بھی درد دل رکھنے والے کو جھنجھوڑ کر رکھ سکتی ہے ہم غور کریں تھوڑی سی توجہ دیں تو ہمارے اردگرد بہت سی ایسی کئی ان کہی کہانیوں کے کردار بکھرے پڑے ہیں اس سفید پوشوں کیلئے کوئی بھی جمہوری حکومت کچھ نہیں کرتی ایسے پیسے، کھاتے سکتے اور بکتے لوگوں کو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ پاکستان میں کوئی ڈکٹیٹر راج کر رہا ہے یا جمہوریت کا بول بالا ہے۔ نہ جانے کتنے لاکھوں اور کروڑوں عوام کا ایک ہی مسئلہ ہے دو وقت کی روٹی جو بلک بلک کر تھک گئے ہیں حکمرانو خدا کے واسطے رحم کرو۔۔ غریبوں سے ہمدردی کرو۔ ان کو حکومت یا شہرت نہیں دو وقت کی روٹی چاہیے حکمران غربت کے خاتمہ کیلئے اناج سستا کر دیں تو نہ جانے کتنے لوگ خودکشی کرنے سے بچ جائیں۔ یقیناً ہم میں سے کسی نے بھی نہیں سوچا ہوگا کہ ہم روزانہ کتنا کھانا ضائع کرتے ہیں اور کتنے لوگ بھوک، افلاس کے باعث دانے دانے کیلئے محتاج ہیں رزق کی حرمت اور بھوک کے دکھوں کا احساس کرنا ہوگا حکمران کچھ نہیں کرتے نہ کریں ہم ایک دوسرے کا خیال کریں ایک دوسرے کے دل میں احساس اجاگر کریں یہی اخوت کا تقاضا ہے اسی طریقے سے ہم ایک دوسرے میں خوشیاں بانٹ سکتے ہیں ازمائش شرط ہے۔

☆☆☆☆☆

اقلیتوں کی عبادت گاہیں اور بھاشا ڈیم کی تعمیر

محمد سلیم جباری

حقوق انسانی کے تحفظ کی پاسداری کا جو نظام اسلام نے پیش کیا، کسی اور مذہب میں اس کا تصور تک موجود نہیں ہے۔ انسان تو انسان اسلام نے تو نباتات و جمادات، حیوانات و چرند پرند تک کے حقوق کا تحفظ فرمایا ہے۔ اسلامی ریاست میں بسنے والے غیر مسلم جنہیں اصطلاحاً "ذمی" کہا جاتا ہے کے لیے بھی واضح تعلیمات دی گئی ہیں۔ اسلام نے صدیوں رہتے ہوئے انہیں ہر قسم کی معاشی، معاشرتی، اخلاقی اور مذہبی آزادی فراہم کی ہے مگر غلط پالیسیوں کے باعث بعض اوقات "معمولی معاملات بھی غلط رخ اختیار کر جاتے ہیں۔ گزشتہ دنوں وفاقی حکومت نے اس اسلامی ریاست کے دارالخلافہ میں سرکاری سطح پر مندر کی تعمیر کا اعلان کیا، معاملہ اس وقت مزید شدت اختیار کر گیا جب اسی شہر کی حدود میں 23 سال قبل کروڑوں کی لاگت سے تعمیر ہونے والی مسجد کو شہید کرنے کا آغاز ہوا، مذہبی جماعتوں کے بروقت احتجاج سے مزید انہدام تو نہ ہوا مگر مسمار شدہ حصے کو خود اپنے خرچ پر تعمیر کی اجازت مل گئی۔ دوسری جانب حکومت پر عزم ہے کہ مندر تعمیر ہوگا صرف مشاورت اس بات پر ہو رہی ہے کہ کیا اسلامی ریاست سرکاری خرچ پر غیر مسلموں کی عبادت گاہیں تعمیر کر سکتی ہے یا نہیں؟ اسلامی نظریاتی کونسل میں پیش کئے گئے اس سوال کا جواب نجانے کب اور کیا ملتا ہے مگر ہماری درخواست فقط یہ ہے کہ اہل اسلام سے یہ بدسلوکی اور غیر مسلموں سے اس قدر زشت گوشہ خاکم بدہن یہ ماجرا کیا ہے؟ مندر کی تعمیر وہ بھی ایسی جگہ پر جہاں دور دور تک ہندو آبادی کا تصور بھی نہیں ہے۔ بات صرف ایک مندر کی نہیں ہے ریاست مدینہ کے دعویداروں کی پالیسیاں کچھ مشکوک دکھائی دیتی ہیں۔ حلف برداری کے وقت لفظ "خاتم النبیین" کا غلط تلفظ ادا کرنا، کرتار پور راہداری کے ذریعے سکھوں اور قادیانیوں کو نوازنا اور پھر وزیر اعظم صاحب کی حالیہ گفتگو میں بار بار توجہ دلانے کے باوجود لفظ "خاتم النبیین" ادا نہ کرنا، دوسری طرف مساجد کی مسماری اور نئی مساجد کی تعمیر کے لیے این او سی کی کڑی شرائط، کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔ وطن عزیز میں ہمیشہ یہی ہوتا آیا ہے کہ مذہب کے نام پر اقتدار حاصل کر کے پھر اسی مذہب سے کھلواڑ کیا گیا۔ ریاست مدینہ کے قیام کا نام لے کر غیر مسلموں کے مذہبی مقامات کو حرمین شریفین کے ساتھ تشبیہ دی گئی، قومی خزانے سے ان کی عبادت گاہوں کی تعمیر اور آنے والے یاتریوں کے لیے پاسپورٹ تک کی قید ختم کر دی گئی۔ ہم نے بہت سی امیدیں اس حکومت سے وابستہ کیں مگر جب سے تبدیلی آئی ہے آئے دن کوئی نہ کوئی بحران سر اٹھا رہا ہے، چینی مہنگی ہوئی، ذمہ دار پکڑے بھی گئے مگر قیمتوں میں کمی نہ ہو سکی، بجلی خاموشی سے اتنی مہنگی کی جا چکی ہے کہ گھریلو صارف کو بھی فی یونٹ پچاس روپے میں پڑتا ہے اور ایک متوسط فیملی کا بل بھی چند روپیں ہزار سے کم نہیں آتا، اس پر مزید ظلم یہ کہ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ بھی جاری ہے۔ جس شاہراہ پر جائیں تمام سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جن کی مرمت کی کوئی امید دکھائی نہیں دیتی، اپنی تنخواہوں اور مراعات میں مندپند اضافے اور دوسری طرف ہیلتھ کارڈ ختم کئے جانے کی خبریں گردش کر رہی ہیں، گندم کی کٹائی کے سیزن میں ہی آٹے کا بحران پیدا ہو چکا ہے، عالمی مارکیٹ کی قیمتوں کے برعکس تیل کی قیمتیں پہنچ سے باہر ہیں، پہلی مرتبہ دیکھا کہ ایک دم 26 روپے فی لٹر اضافہ کر دیا گیا، اس سب کچھ سے بڑھ کر انسانی جان بچانے والی ادویات 10 فیصد مزید مہنگی کر دی گئیں، کس کس بات کا رونا روئیں اس سب بے ترتیبی اور لاقانونیت کے باعث یہی سوال اٹھتا ہے کہ حکومت نام کی کوئی چیز کہیں ہے بھی؟ کیا حکومتیں ایسی بھی ہوتی ہیں؟ سیاسی قائدین کو جذب اختلاف میں ہیڈ کر نظر آنے والے مسائل اقتدار حاصل ہوتے نجانے کیوں دکھائی نہیں دیتے۔ یاد رکھیں! اگر آپ نے بھی پہلوں کی ڈگر پر چلنا نہ چھوڑا تو قوم آپ کو ان سے بھی زیادہ برے القاب سے یاد کرے گی اور تم بھی اسی طرح تاریخ کا سیاہ باب بن جاؤ گے۔ خدارا! کچھ تو ان سے ہٹ کر کریں، ابھی وقت ہے پریشان عوام کے حالات پر رحم کریں اور دعائیں لیں۔ بہر حال اگر کوئی اچھا اقدام ہو تو اس کی تحسین بھی ضروری ہے۔ کرونا وباء بحرانوں اور مہنگائی کے ہاتھوں بے حال عوام کے لیے موجودہ حکومت کی طرف سے بھاشا ڈیم کی تعمیر کا ایک بار پھر آغاز اچھی خبر ہے، اس ڈیم کی تعمیر کے لیے برسوں سے افتتاح کی تختیاں بدلتی رہیں مگر منصوبہ پروان نہ چڑھ سکا۔ تخمینات کے مطابق بھاشا ڈیم کی تعمیر سے 16 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ 30 ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوگی اور 4500 میگا واٹ بجلی پیدا کی جائے گی۔ پاکستان کی مقامی صنعتوں کو فروغ ملے گا۔ 73 سالوں کے دوران صرف تین بڑے ڈیموں کی تعمیر افسوس ناک کہانی ہے جس سے پاکستان کے حکمرانوں کی نااہلی بدنیتی اور مجرمانہ غفلت کھل کر سامنے آتی ہے۔ افسوس پاکستان اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کے باوجود دنیا کے ممالک کے مقابلے میں بہت پیچھے رہ گیا ہے۔ اگر ہمارے سابقہ حکمران پانی سے بجلی بنانے کی بجائے تیل سے بجلی بنانے کے فیصلے نہ کرتے تو آج عوام کو سستی اور وافر بجلی دستیاب ہوتی۔

اللہ کرے اب پھر یہ سیاست اور کرپشن کی نذر نہ ہو جائے، منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچے، براہ راست عوام مستفید ہوں اور یہ بارش کا پہلا قطرہ ثابت ہو۔

آن لائن کلاسیں، نظام تعلیم اور اسکولوں کا کھلنا

شیخ خالد زاہد

کورونا دنیا کو بدل رہا ہے اور یہ کہاں تک بدلے گا یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہے۔ کچھ ممالک میں کورونا کے مریضوں میں کمی ہونے پر یہ سمجھ لیا کہ کورونا ختم ہو رہا ہے لیکن پھر اچانک سے مریضوں میں تیزی آنا شروع ہو گئی جس نے اس بات کو یقینی بنا دیا کہ یہ معاملہ مستند ویکسین کی تیاری تک بے قابو ہی رہے گا اور زندگی کو احتیاطی تدابیر کیساتھ آگے بڑھانا ہوگا۔ ملک کی معاشی حالت پر کوئی حتمی بات نہیں کی جا سکتی لیکن عوام کیلئے بدترین بجلی کا بحران، پانی کا بحران، چینی کا بحران، آٹے کا بحران اور پھر طبی سہولیات کا بحران موجود ہیں۔ ان حالات میں سب ہی کسی نا کسی طرح سے مشکلات سے دوچار رہے ہیں وہیں سب سے زیادہ نقصان تعلیم کا ہوا ہے۔ سب سے پہلے تعلیمی ادارے بند ہوئے۔ تعلیم کا کافی نقصان ہونے کے بعد کچھ تعلیمی اداروں نے آن لائن کلاسوں کے انعقاد کا ایک مشکل فیصلہ کیا اور بغیر والدین کے مشورے کے یہ فیصلہ صادر کر دیا گیا۔ فیصلہ اچھا تھا والدین نے تسلیم کیا۔ عام معلومات کے مطابق بہت محدود اسکولوں نے یہ مشکل فیصلہ کیا اور بہت حد تک کامیابی کیساتھ اس پر عمل بھی ہوئے۔ تعلیم کی ترویج کے سلسلے میں یہ ایک انتہائی احسن قدم ہے اور سب سے بڑھ کر آنے والے وقتوں میں ہماری ترقی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا، جو ادارے اس نظام کو مستحکم کر چکے وہ آنے والے وقتوں میں اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکینگے۔ مخصوص تعلیمی اداروں کے علاوہ بہت کم ایسے تعلیمی ادارے ہیں جو ان حالات میں اپنے آپ کو باقی رکھ سکے ہیں یقیناً انکی انتظامیہ کی بہترین حکمت عملی، انکا معیار تعلیم کیساتھ ساتھ ان کا دیا گیا والدین کو اعتماد بھی ہے۔

انتہائی محدود وسائل کیساتھ کس طرح سے اسکولوں نے آن لائن کلاسز کیلئے عملی اقدامات کئے اور باقاعدہ کلاسوں کا آغاز کیا، وقت آنے پر ان اسکولوں کی انتظامیہ کو حکومت کی جانب سے خصوصی پذیرائی ملنی چاہئے اور باقاعدہ ان اسکولوں کو نمایاں بھی کرنا چاہئے۔ یہاں ایک اور بات بھی قارئین کی نظر کرتا چلوں کہ یہ بہترین وقت ہے کہ تعلیمی اداروں اور نظام تعلیم کو مستحکم کرنے کا۔ جہاں گلی محلوں میں اسکول کھلے ہوئے جو کہ تعلیم کی ترویج کا صحیح طریقہ نہیں ہے، مستقبل کے معماروں جنہوں نے کل کو ملک کی باگ دوڑ سنبھالنی ہے کو نمایاں کرنے کیلئے ضروری ہے کہ انہیں باقاعدہ کسی مستحکم نظام تعلیم سے منسلک کیا جائے۔ ان چھوٹے اسکول مالکان سے گزارش ہے کہ اگر یہ واقعی ملک و قوم میں تعلیم عام کرنا چاہتے ہیں تو وہ ان اسکولوں کیساتھ الحاق کریں جو نظام تعلیم کی ترویج میں نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ سیکنڈری اور اس سے بڑی کلاسوں کی آن لائن کلاسیں تو ہوتی ہی رہتی ہیں لیکن پرائمری کی آن لائن کلاس کا انتظام کرنا یقیناً کسی دوسرے سے کم نہیں ہوگا، لیکن حقیقی معنوں میں علم کے فروغ کی اہمیت کو سمجھنے والوں نے کمر کس لی اور اس مشکل ترین کام کو سرانجام دے کر دیکھا رہے تھے۔ یہاں ایک پہلو تو علم کی ترویج ہے تو دوسرا اہم پہلو ان اسکولوں سے وابستہ اساتذہ اور دیگر عملے کی گھریلو معاشیات ہے، جس کی بدولت انکے معمولات زندگی نمو پاتے ہیں۔

اب آتے ہیں ہم اس طرف جہاں ہمارے ملک کے بچوں کی اکثریت زیر تعلیم ہوتی ہے یعنی سرکاری اسکول، یہاں پہلے اس بات کو واضح کرتے چلیں کہ سرکاری اسکولوں میں اساتذہ سرکاری ملازم ہوتے ہیں اور ہمارے ملک میں کچھ بھی ہو جائے یا خدانا خواستہ ملک کسی بحران کی زد میں بھی آ جائے جیسا کہ کورونا کی وجہ سے آیا ہوا ہے سرکاری ملازمین پر کوئی فرق نہیں پڑتا تو سرکاری اساتذہ پر بھی بظاہر تو کوئی فرق نہیں پڑ رہا ہوگا۔ ایک قابل ذکر بات بھی شامل مضمون کرتا چلوں کہ گزشتہ دنوں قابل احترام علی زیدی صاحب نے سرکاری اسکولوں کے حوالے سے سماجی میڈیا کے توسط سے آگاہ کیا کہ سندھ میں (شائد بشمول کراچی) سرکاری اسکولوں کی کل تعداد اکیاس ہزار ایک سو تین ہیں، نوے فیصد (چوالیس ہزار ایک سو تیرانوے) اسکولوں میں سائنس کے استاد ہی موجود نہیں ہیں، ستر فیصد (چونتیس ہزار تین سو بہاتر) اسکولوں میں تجربہ گاہ (لیبارٹری) موجود نہیں، اٹھارہ ہزار چوسو ساٹھ اسکول صرف ایک استاد کے ذمہ ہے یعنی صرف ایک ہی استاد موجود ہے (طالب علموں کا علم نہیں) اور قارئین بارہ ہزار ایک سو چھتیس ایسے اسکول ہیں کہ جہاں کوئی بھی استاد موجود نہیں ہے۔ یہاں پہلے تو سندھ کی دھرتی کے ایک ہونہار سپوت علی زیدی صاحب کا شکریہ کہ انہوں نے مستقبل کے معمار تیار کرنے کی صنعتوں (اسکولوں) کا احوال سے آگاہ کیا گو کہ ہوتا کچھ دیکھائی نہیں دیتا۔ ہمیں وہ اسکول بھی یاد ہیں کہ جہاں بھینسوں کے باڑے بنے ہوئے تھے اور درختوں سے گدھے بندھے ہوئے تھے۔ یہ سب کچھ ہم بہت اچھی طرح سے جانتے ہیں بلکہ جب یہ سماجی میڈیا نہیں تھا تب سے جانتے ہیں لیکن کچھ بھی نہیں ہوا۔ شائد ہم اپنے موضوع سے کہیں اور نکل گئے لیکن موضوع کا تعلق تو بنتا ہے کیوں کے بات ہو رہی ہے آن لائن تعلیم و تدریس کی تو اس میں سب سے آگے سرکاری اسکولوں کو ہونا چاہئے تھا۔

آن لائن کلاسوں کا سلسلہ کسی حد تک خوش اسلوبی سے چل رہا ہے اور بچوں کی محدود تعداد مستفید ہو رہی ہے۔ آن لائن کلاسوں کیلئے کچھ اہم لوازمات ضروری ہیں جن میں کمپیوٹر، لیپ ٹاپ یا پھر کوئی بہتر قسم کا اسمارٹ فون اور ان سب کیساتھ آن لائن ہونے کیلئے انٹرنیٹ کی موجودگی، مان لیا کہ یہ سب چیزیں موجود ہیں لیکن بجلی کی فراہمی کو آپ کیسے یقینی بنا سکتے ہیں۔ جہاں ایک بچہ پڑھ رہا ہے وہاں تو بہت ہی اچھی بات ہے لیکن گھمبیر مسئلہ کے ایک گھر میں ایک سے زیادہ بچوں کو کلاس لینی ہے وہ کیا کرینگے کیا تمام والدین ہر بچے کیلئے مکمل لوازمات کا انتظام کر سکتے ہیں، ایک اہم اور قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ دو کمروں کے گھر میں رہنے والے بھلا بچوں کو کس طرح سے آن لائن کلاس لینے کیلئے پرسکون ماحول مہیا کر سکتے ہیں جو لازم ہے۔ جہاں اسکولوں کے آن لائن کلاسوں کو شروع کرنے کے اقدام کا سرہا گیا ہے وہیں اس بات پر بھی توجہ دلانے کی کوشش کی گئی ہے کہ ہم جس معاشرے میں رہتے ہیں اور جہاں آج کل دو وقت کی روٹی کا حصول ایک معمہ بنا ہوا ہے وہاں کس طرح سے آن لائن کلاسوں کو یقینی بنایا جائے اور اس پر یہ بھی کہ اسکولوں کی فیس بھی بروقت ادا کرنی ہے، انٹرنیٹ کا بل اور بجلی کا بے تحاشہ بل۔ اسکولوں کا کام تھا کہ وہ کسی بھی تھا طرح سے بچوں کو اسکول اور کتابوں سے جڑے رکھنے کی ہر ممکن کوشش کریں جو انہوں نے کر لی لیکن کیا ہمارے نظام تعلیم میں ایسی تعلیم کی کوئی گنجائش ہے، کیا ارباب اختیار (حکومت) نے اس جانب توجہ دینے کی کوشش کی، کیا اسکولوں سے انہوں نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ انہیں آن لائن کلاسوں میں کسی قسم کی سرکاری معاونت تو درکار نہیں، کیا والدین کیلئے کم از کم انٹرنیٹ کی سہولت کے حوالے سے کوئی خصوصی رعایت کا اعلان کیا، ان سب باتوں سے ہماری حکومت کا تعلیم سے لگاؤ یا بچاؤ کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

آخر کار حکومت نے بہت سوچ بچار کے بعد یا پھر انہیں اس بات کا اندازہ ہو گیا ہوگا کہ آن لائن کلاسیں کتنے بچوں کو تعلیم یافتہ کر رہی ہیں، پندرہ ستمبر سے اسکولوں کو جزوی طور پر واضح کردہ طریقہ کار کی بنیاد پر کھولے جانے کا اندیشہ دیا گیا ہے اس کے برعکس کراچی کی نجی اسکولوں کی ایسوسی ایشن نے پندرہ اگست سے اسکول کھولنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ابھی طریقہ کار واضح کرنا باقی ہے کیونکہ اسکے لئے بڑے پیمانے پر مشاورت کا سلسلہ جاری و ساری ہے۔ یونیسکو نے بھی اسکول دوبارہ کھولنے کے لیے طریقہ واضح کر دیا ہے لیکن اسے دیکھنے کے بعد لگتا ہے کہ ہمارے یہاں تو ان پر عمل درآمد ممکن نہیں ہو سکتا ہے۔ سب سے پہلے صفائی کا بہترین انتظام جس میں جراثیم کش ادویات کا استعمال باقاعدگی سے ضروری دیا ہے، بیمار بچوں کو اسکول آنے سے روکنا ہے (جس میں والدین کی بھی ذمہ داری بنتی ہے)، اساتذہ کو اس بات سے آگاہ ہونا چاہئے کہ بچے ذہنی طور پر کہاں ہیں یعنی کورونا کے ان پر کیسے اثرات مرتب کئے ہیں، اسکول بچوں کو یونیفارم اور دیگر اخراجات پر بھی لوازمات سے مبراء قرار دیں۔ اب ہماری عمومی تجویز ہے کہ جن اسکولوں میں بڑے اور کشادہ کمرے ہیں وہ ایک دن آدھی کلاس کو بلائیں اور آدھی دوسرے دن یعنی پچاس فیصد حاضری، بچوں کی کڑی نگرانی کیلئے کلاس میں کم از کم دو استاد موجود ہوں یا پھر ایک استاد کیساتھ کوئی انتظامیہ کا فرد ہو نہیں تو کلاس میں سے ہی کسی بچے کو معاون بنا دیا جائے تاکہ کلاس میں موجود بچوں کی حرکات و سکنات پر کڑی نظر رکھی جائے، ماسک لازمی ترین قرار دیا جائے، کھانے اور پینے کیلئے طالب علم ذاتی اشیاء استعمال کریں اور نقل و حرکت کو محدود کیا جائے۔ جہاں کلاسیں چھوٹی ہیں انہیں چاہئے کہ وہ میدان میں یا دستیاب کھلی جگہ میں کلاسوں کا انعقاد یقینی بنائیں۔ حکومت کیلئے بہترین وقت ہے کہ چھوٹے اسکولوں کو بڑے اسکولوں میں ضم کرنے کا کوئی قانونی طریقہ کار واضح کرے اور مستقبل کے معماروں کیساتھ اساتذہ کے مستقبل کو بھی تحفظ فراہم کرے۔

کورونا واقعی نئے نظام کی جانب دھکیل رہا ہے، یہ تمام امور کو انکی اہلیت کے مطابق دیکھنا چاہتا ہے۔ یہ صرف صحت کے شعبے میں انقلابی تبدیلیوں کا تقاضہ نہیں کر رہا ہے یہ ریاستوں کو حقیقی فلاحی ریاست بننے کی جانب دھکیل رہا ہے جہاں افراد کی مکمل دیکھ بھال کا باضابطہ نظام موجود ہو، یہ تعلیم کے معیار کو جعلی ڈگریوں سے نکالنے کو یقینی بنانے کی طرف دھکیل رہا ہے یعنی سب سے اولین تقاضہ یہ ہے کہ بدعنوانی کی بنیاد پر کھڑا معاشرہ کسی بھی ایسی وبا کا سامنا نہیں کر سکے گا اس لئے بے ایمانی اور بدعنوانی کو مکمل طور پر بے دخل کرنا پڑے گا اسی کی تعلیم اپنے کھلنے والے اسکولوں میں بھی لازمی قرار دینی چاہئے۔

خالی دل

دل بھی خالی ہو سکتا ہے کیا۔؟ جذبات سے احساسات سے۔۔ خواہشات سے۔۔؟؟
اور دل کے خالی ہونے سے آخر مراد کیا ہے۔؟

از قلم منیبہ غوث

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں
"موسیٰ" کی والدہ کا دل خالی (بےقرار) ہو گیا"۔۔ القصص 10
ہر چیز ہر فکر سے خالی دل بس ایک ہی فکر دل میں سمائی تھی کہ موسیٰ کو کھو نہ دیں۔۔
ام موسیٰ کو جب اللہ رب العزت نے حکم دیا کہ وہ موسیٰ کو دریا میں بہا دیں اور ساتھ وعدہ بھی دیا کہ وہ موسیٰ کو انکے پاس واپس لے آئیں گے اور انہیں نبوت سے بھی سرفراز کریں گے۔۔
اللہ کے حکم کی تکمیل کرنے کے بعد ام موسیٰ بیٹی کو پیچھے روانہ کرتی ہیں کہ وہ دریا کے کنارے پہ چلتی جائیں اور موسیٰ کی خبر لائیں۔۔ اللہ تعالیٰ موسیٰ کو فرعون کے دربار میں پہنچا دیتے ہیں۔۔ اور انکی ماں سے کیا وعدہ موسیٰ کے پاس واپس لانے کا یہ بھی پورا ہوا۔۔
فرعون کے محل میں اسی کے ہاتھوں پروان چڑھے۔۔
محبت بھی پائی۔۔
حفاظت بھی ہوئی
نبوت بھی ملی۔۔
اللہ کے تمام وعدے سچے ثابت ہوئے
زندگی میں بہت سے مقام ایسے آ جاتے ہیں کہ جب ہمیں لگتا ہے کہ ہمارا دل خالی ہو چکا ہے۔۔
ہر اضطراب ہر خواہش ہر جذبے سے۔۔ صرف ایک غم ہی جاں کو لاحق ہوتا ہے اور وہ غم ہی متاع زیست ہوتا ہے۔۔
ہم اس غم کو اندر ہی اندر پالتے رہتے ہیں ایک وقت آتا ہے وہ لاعلاج ہو جاتا ہے۔۔
اپنے غم کو اپنے رب کے حوالے کر دیں۔۔
اسے دریا کے بہاؤ ک

شال بقیہ 1

شریک تھے جبکہ دیگر صوبوں کے حکام نے بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی، اس موقع پر وفاقی وزیر اسد عمر نے بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے قائدانہ کردار، وژن اور صوبائی حکومت کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا، اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ کورونا وائرس کا چیلنج پوری دنیا کے لئے بہت بڑا ہے جس سے نمٹنے کے لئے ہمارے اداروں نے دن رات محنت کی اور ان اداروں کے اہلکار اس سے متاثر بھی ہوئے اور شہید بھی ہوئے جنہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ گذشتہ چار ماہ کے دوران کورونا وائرس کی روک تھام کے عمل میں بہت سے سیاسی ایشوز بھی دیکھنے میں آئے جنہیں کامیابی سے نمٹایا گیا، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دیگر ممالک کی نسبت صورتحال بہتر ہے تاہم ہمیں مستقبل کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے فائر فائٹنگ کی بجائے سوشو اکنامک اور صحت کے چیلنجز کو مستقل بنیادوں پر دیکھنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے کورونا وائرس کے چیلنج کو سامنے رکھتے ہوئے بلوچستان کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر قائم کیا جسے ایک مستقل محکمے میں ڈھالا جا رہا ہے جو کورونا سمیت قدرتی آفات اور مشکل حالات سے نمٹنے کے لئے پالیسیاں مرتب کرے گا اور دیگر محکموں سے کوآرڈینیشن کے فرائض سرانجام دے گا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوام کو کورونا وائرس سے محفوظ رکھنے اور اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے کوئٹہ سمیت دیگر تمام اضلاع میں سمارٹ لاک ڈاؤن کی پالیسی پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہو رہے ہیں، عیدالاضحیٰ کے موقع پر بھی مویشی منڈیوں اور عیدگاہوں میں حفاظتی ایس او پیز پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ کووڈ-19 کے تناظر میں ہیلتھ کیئر سسٹم میں پائی جانے والی کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے ٹھوس بنیادوں پر محکمہ صحت تیار کی گئی ہے اور رواں مالی سال کے بجٹ میں اس مقصد کے لئے دس ارب روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ کورونا وائرس کے بعد کی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے سماجی و معاشی شعبوں کی ترقی کے لئے بھی اقدامات کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 2

ڈویلپمنٹ کونسل (قومی ترقیاتی کونسل) کا دوسرا اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزراء شاہ محمود قریشی، اسد عمر، محمد حماد اظہر، علی حیدر زیدی، عمر ایوب خان، چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ، ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید، مشیر ان خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، عبدالرزاق داؤد، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، معاون خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ و دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں قومی ترقیاتی ایجنڈہ خصوصاً بلوچستان کے پسماندہ اور دور دراز علاقوں میں آمد و رفت، آبی وسائل کے بہتر استعمال، زراعت، توانائی، بارڈر مارکیٹوں کے قیام اور گوادر پورٹ سے مکمل طور پر استفادہ حاصل کرنے کے لئے مختلف منصوبے زیر غور آئے۔ بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے حوالے سے وزیراعظم نے بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں مکمل امن و امان کو یقینی بنانا اور سماجی و اقتصادی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان کو مالی وسائل تو فراہم کیے گئے لیکن عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ان کے مناسب استعمال کو یکسر نظر انداز کیا جاتا رہا جس سے نہ صرف صوبے کا بڑا حصہ پس ماندگی کا شکار رہا بلکہ عوام میں احساس محرومی نے جنم لیا۔

شال بقیہ 3

کی جائیگی یہاں جاری اپنے ایک بیان میں سردار یار محمد رند نے کہا کہ گلشن بجٹ فراہم کرنے کے باوجود چھت کا گرنا تشویشناک ہے خدا کا شکر ہے کہ اسکول بند ہونے کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد میں سردار رستم خان جمالی اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ کی انکوائری کی ہدایت اور رپورٹ طلب کرلی ہے واقعہ کی انکوائری رپورٹ کی روشنی میں ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی انہوں نے کہا کہ تعلیم قوم کا مستقبل ہے اس میں بدعنوانی اور غفلت کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائیگی۔

شال بقیہ 4

کیسز کی تعداد سب سے زیادہ 1 لاکھ 15 ہزار 883 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں 91423، خیبر پختونخوا میں 32898، بلوچستان میں تعداد 11523 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق اسلام آباد میں 14766، گلگت میں 1918 اور آزاد کشمیر میں 1989 کیسز رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں ملک بھر میں کورونا کے 22 ہزار سے زائد ٹیسٹ کئے گئے، سندھ میں چوبیس گھنٹوں میں 9804 ٹیسٹ کئے گئے، پنجاب میں 7386، خیبر پختونخوا میں 1977 ٹیسٹ کئے گئے، اسلام آباد میں 2351، بلوچستان میں 76، گلگت میں 71 اور آزاد کشمیر میں 341 ٹیسٹ کئے گئے، پنجاب میں کورونا سے سب زیادہ ہلاکتیں ہوئیں۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں کورونا سے اموات کی تعداد 2105 ہوگئی، سندھ میں 2096، خیبر پختونخوا میں 1169 اموات ریکارڈ ہوئیں، اسلام آباد میں 162، بلوچستان میں 136، گلگت میں 46 اور آزاد کشمیر میں 49 اموات ریکارڈ ہوئیں۔ این سی او سی کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں سب سے زیادہ سندھ میں 36 ہلاکتیں ریکارڈ کی گئیں، چوبیس گھنٹوں میں پنجاب میں 5 ہلاکتیں ریکارڈ کی گئیں، ملک میں کورونا کے 2 لاکھ 19 ہزار 783 مریض صحتیاب ہوگئے، ایکٹو کیسز کی تعداد 44 ہزار 854 رہ گئی۔

شال بقیہ 5

میں لیسز چل رہے ہیں، امریکی خاتون پاکستانی شہری نہیں تو سرکاری اداروں کے ساتھ کام کیسے کیا؟۔ چیف جسٹس نے کہا کہ امریکی خاتون کی جانب سے بڑے سنگین الزامات لگائے گئے ہیں، ایک غیر ملکی یہاں آئی ہے اور انہوں نے بڑے سنگین الزامات لگائے، رپورٹ میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا اور آئی ایس پی آر کے ساتھ کام کر رہی ہے، کیا وفاقی حکومت سو رہی تھی، سٹھیا رہی کے حوالے سے وزارت داخلہ کی رپورٹ سے غلط تاثر دیا گیا ہے، کسی بھی غیر ملکی کو ملک کے ساتھ کھیلنے کا کوئی حق نہیں، کس قانون اور ایگریمنٹ کے تحت غیر ملکی کے ساتھ کام کیا گیا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ یہ عدالت کسی بھی مفروضے کو نہیں مانتی، جو بندہ آئی ایس پی آر کے ساتھ کام کرے انکو بیان دینے کا کوئی حق نہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل طارق کھوکھر نے مزید وقت مانگنے کی استدعا کی چیف جسٹس نے کہا کہ کوئی بندہ پولیس سٹیشن تک نہیں گیا۔ طارق کھوکھر نے کہا کہ الزامات کے خلاف ایف آئی اے کی کارروائی جاری ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اس رپورٹ کے ساتھ آپ ملک کی امیج کے ساتھ کھیل رہے ہیں، سیکرٹری داخلہ کو ملک کی امیج کا خیال نہیں مگر اس عدالت ہو بے بعد ازاں کیس کی سماعت 4 اگست تک ملتوی کردی گئی۔

شال بقیہ 6

ضرورت پیش نہیں آئی وزیر داخلہ بلوچستان نے اجلاس کے شرکا کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پراجیکٹ کے اجراء کا بنیادی مقصد عوام کو ان کے دھلیز پر انصاف کی فراہمی اور پولیس نظام میں بہتری لانا ہے۔ جو قابل تحسین ہے اور اس طرح کے نظام کو بلوچستان میں بھی بہت جلد متعارف کرایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی صوبے کیسی بھی تھانے میں کسی بھی شخص کے خلاف بغیر کسی خوف و خطر اپنے شکایات درج کرا سکیں گے اور اس نظام کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی ممکن بنانے میں بھرپور مدد ملے گی، انہوں نے کہا کہ اس نظام کو نافذ کرنے کے بعد عوام اور پولیس کے مابین اعتماد بحال ہوگا اور عوامی مسائل کے حل میں بھی بھرپور مدد مل سکے گی۔ بعد ازاں وزیر داخلہ بلوچستان کو آئی ڈی پی پارلیمنٹ خیبر پختونخوا میں قائم کورونا کنٹرول روم کا بھی دورہ کرایا گیا اور اس حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔

شال بقیہ 7

معیار کو بہتر بنانے کی طرف کوششوں میں بھی رہنمائی کرے گا اور کاروبار سے متعلق اقدامات کا جائزہ لے گا، انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان عالیانی کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت کاروباری حضرات کو مراعات اور سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ وزیراعلیٰ کے وژن کے مطابق تاجر برادری اور سرمایہ کاروں کو صوبے میں کاروباری و تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے راغب کر رہا ہے اس مقصد کیلئے بلوچستان انویسٹمنٹ گائیڈ کا اجراء بھی کیا گیا ہے جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کی ممکنہ استعداد اور مواقع سے متعلق تفصیلی آگاہی دی گئی ہے۔

شال بقیہ 8

ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ جان لیوا کرونا وائرس پھیلا ہونے والی صورتحال کے تعلیمی اداروں پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں، بچوں کے تعلیمی نقصان کے ساتھ ساتھ نجی تعلیمی اداروں کے غریب اساتذہ اکرام اور مالکان بھی کئی مشکلات سے دوچار ہیں۔ گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ ان سب کا نہ صرف ہمیں خوب احساس ہے بلکہ موجودہ حکومت صوبے بھر میں بہت جلد تمام تعلیمی سلسلوں کو بھرپور طریقے سے بحال کرانے کیلئے پرعزم بھی ہے۔ گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ تعلیم کا اصل مقصد کردار سازی اور شعور کو پختہ کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تعلیم قربانی، بردباری اور بشردوستی اسکھاتی ہے گورنر یاسمین زئی نے والدین فورم کی جانب سے اجاگر کیے گئے مسائل کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ اس سلسلے میں تمام سرکاری اور غیر سرکاری ذمہ دار افراد سے بھی بات کی جائے گی تاکہ درپیش مشکلات کا فوری طور پر خاتمہ ممکن ہو سکیں۔

شال بقیہ 9

ناجائز منافع خوری اور عوام دشمنی کی انتہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مافیا حکومت کسان سے 1400 روپے خرید کر عوام کو 2100 روپے من گندم بیچ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی مس مینجمنٹ سے آٹے کا بحران پیدا ہو رہا ہے، قیمت زیادہ ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب کی چوری کی نیت، مس مینجمنٹ، نالائقی اور نااہلی نے ملک میں ہر بحران آیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹڈی دل حملے، پھپھوندی، تیلے سمیت دیگر زرعی مسائل پر حکومت سوئی رہی، نتیجہ گندم کی پیداوار میں کمی سے سامنے آیا۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی طور پر آٹے کی قیمت میں کمی، غلط وقت پر گندم جاری کرنے کی حکومتی حماقت کا نتیجہ برآمد ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مافیاز کے زیر اثر حکومت نے مارکیٹ توازن خراب کر دیا، ملک میں تاریخی آٹے بحران پیدا ہونا شروع ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی چور، کرپٹ، نالائق اور نااہل ٹولے نے ملک میں بجلی گیس، چینی، پٹرول اور آٹے کا بحران پیدا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدنیت اور عوام دشمن حکومت کی وجہ سے ملک کے ہر شعبہ میں برکت ختم ہو گئی ہے۔

شال بقیہ 10

رہنما آسیہ اندرابی کی طویل حراست انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی نظریات کی بنا پر ضعیف اور علیل مسلمان عورت کی قید بھارتی ریاستی سامراجی ذہنیت کی عکاس ہے، ہم ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔

شال بقیہ 11

حکومت کی کاروبار دوست پالیسیوں کی وجہ سے عالمی بینک کے کاروباری آسانیوں کے انڈیکس میں پاکستان کی پوزیشن 28 پوائنٹس بہتر ہوئی ہے۔ صدر سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سربراہی میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ حکومت معیشت کے استحکام اور صنعتکاری کے فروغ کے لئے بیک وقت مختصر اور طویل مدتی پالیسیوں پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعظم عمران خان نجی شعبے کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور انہوں نے کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے فوری حل کیلئے ہدایات جاری کر رکھی ہیں۔ حکومت کی کاروباری دوست پالیسیوں کی وجہ سے کاروباری آسانیوں کے انڈیکس میں پاکستان کی پوزیشن 28 پوائنٹس بہتر ہوئی ہے جو بیرون ملک سے سرمایہ کاروں کیلئے انتہائی حوصلہ افزاء اشارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو جاپان، ویتنام اور جنوبی کوریا کے ساتھ ساتھ جنوب مشرقی ایشیائی اور پیسفک مارکیٹس کے ساتھ بھی مربوط کیا جائے گا اور حکومت تجارت کے فروغ کے لئے ان ممالک کے ساتھ بات چیت کرے گی۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی تمام قابل عمل تجاویز اور جائز مطالبات کو پالیسی سازی کے عمل میں اہمیت دی جائے گی اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے متعلقہ حلقوں کو فوری ضروری ہدایات جاری کی جائیں گی۔

شال بقیہ 12

جمہوریہ اٹلی کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور مختلف شعبوں میں دفاعی تعاون کو مزید بڑھانا چاہتا ہے۔ تبادلہ شدہ فوجی تربیت باہمی فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے، کیونکہ نیٹو کا حصہ ہونے کی وجہ سے اطالوی مسلح افواج کے پاس قیمتی فوجی ایکسپورٹرز موجود ہے جبکہ پاکستان کی مسلح افواج جو دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہی ہیں، جن کو دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کا زبردست تجربہ ہے۔ وزیر دفاع نے پاک فضائیہ کو فوجی ساز و سامان کی فراہمی میں سہولت فراہم کرنے پر ممنونیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے مشترکہ دفاعی پیداوار کے میدان میں باہمی تعاون کے شعبوں میں تعمیر پر بھی زور دیا۔ وزیر نے افغانستان میں اٹلی کے کردار، شراکت اور قربانیوں کو سراہا۔

شال بقیہ 13

بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11550 ہوگئی ہے جبکہ صوبے میں 81 مریضوں کے صحت یاب ہونے کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والی

کی تعداد 9899 ہوگئی صوبے میں اس وقت کورونا وائرس کے 1515 ایکٹو مریض ہیں جبکہ جمعہ کو 187 افراد کے ٹیسٹ کئے گئے۔

شال بقیہ 14

بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ زرعی ملک میں گندم کی فصل کے بعد آٹے کا بحران کرپشن، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور عوام دشمنی کی انتہا ہے، مافیا حکومت کسان سے چودہ سو روپے خرید کر عوام کو اکیس سو روپے من گندم بیچ رہی ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ٹڈی دل کے حملے سمیت دیگر زرعی مسائل پر حکومت سوئی رہی، نتیجہ گندم کی پیداوار میں کمی سے سامنے آیا مصنوعی طور پر آٹے کی قیمت میں کمی، غلط وقت پر گندم جاری کرنے کی حکومتی حماقت کا نتیجہ ہے بدنیت اور عوام دشمن حکومت کی وجہ سے ملک کے ہر شعبہ میں برکت ختم ہو گئی ہے۔

شال بقیہ 15

عمل کر رہے ہیں، حکومت نے 360 ادویات کی قیمتیں کم کیں جس پر کمپنیوں نے عدالت سے حکم امتناعی لیا۔ مشاہد حسین سید نے کہا کہ اس حکومت میں دوائیوں کی قیمتوں کا شیڈول آیا، وزیر صحت کو فارغ کیا گیا، دوائیوں کے شیڈول کی تحقیقات کی کیا صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سی پیک پر بھی نواز شریف کی پالیسی پر عمل کر رہی ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ پاکستان کا غرق شدہ نظام آپ نے ہمارے گلے میں ڈالا ہے، جب بھی کسی وزیر پر سوال اٹھتا ہے کرپشن ثابت ہونے پر وزیراعظم ایکشن لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں میڈیا اور دیگر دباؤ پر وزراء کو فارغ کیا جاتا تھا۔

شال بقیہ 16

نے کارکردگی کا تمام ریکارڈ ترتیب دینا شروع کر دیا ہے، بعض وزراء کی کارکردگی رپورٹس تیار ہوگئی جو سیکرٹریز وزیراعظم آفس میں جمع کرائیں گے۔ وفاقی قومی پالیسیاں اور خارجہ محاذ میں کامیابیاں عوام کے سامنے رکھے گا کہ وزیراعظم عمران خان نے معاشی چیلنجز پر کیسے قابو پایا۔ احساس پروگرام کے تحت مستحقین تک امداد پہنچانے کا معاملہ بھی سامنے لایا جائے گا جبکہ معاشی اہداف، قرضوں کی ادائیگی، چینی اور پٹرول بحران سے متعلق پیشرفت سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ یاد رہے 18 اگست 2018 کو وزیراعظم عمران خان نے ملک کے 22 ویں وزیراعظم کا حلف اٹھایا تھا۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اسی طرز پر پنجاب حکومت کی کارکردگی بھی عوام کے سامنے لائی جائے گی تاہم ابھی اس حوالے سے عملی پیشرفت نہیں کی گئی۔

شال بقیہ 17

امیگریشن گیٹ پر ایران سے آنے والے پاکستانی شہریوں کی اسکریننگ بھی کیا گیا ایران سے آنے والے زائرین کو پاکستان ہاؤس منتقل کر دیا گیا لیوز انتظامیہ کے مطابق پاکستان ہاؤس میں جمع ہونے والے زائرین کو کنوائی کی صورت میں ان کے صوبوں کے لیے روانہ کیا جائے گا۔

شال بقیہ 18

جبکہ چار روز کے دوران 80 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پیلائے گئے تھے مہم میں رہ جانے والے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین پلانے کیلئے ہفتہ کو سچ اپ ڈے منایا جائیگا۔

شال بقیہ 19

ہے، جی ڈی پی کا بڑا حصہ زراعت سے آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایگریکلچر ڈویلپمنٹ بنک اور کمرشل بنکس قرضوں کا آپس میں موازنہ کر کے دیکھیں، زمیندار کی زمین کی قیمت قرضے سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے مگر ایگریکلچر بنک اس کو کرک کر لیتا ہے، یہ ہماری ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پر توجہ دی جائے تو زراعت قوم کا پیٹ پال سکتا ہے۔ اسپیکر نے کہا کہ خواجہ صاحب آپ تحریری طور پر مجھے تجاویز دیں، اس معاملے کو کمیٹی میں بھیجتا ہوں، اس معاملے کو بغور دیکھتے ہیں کہ کیسے اس کو بہتر کر سکتے ہیں۔ انجینئر صابر حسین قائم خانی نے کہا کہ موجودہ وبائی صورتحال میں جو سامان حیدرآباد میں تقسیم کیا گیا اس کی تفصیلات لایا ہوں، شرم آرہی ہے بتاتے ہوئے جیسے سامان کی ترسیل کی گئی، کسی کو 4 ماسک اور کسی کو 5 ماسک دیے گئے، کسی ادارے سے پوچھ سکتے ہیں کہ یہ ترسیل کیسے ہوئی، ایسے لوگوں کو سامان دیا گیا جن کو نہیں دیا جانا چاہیے تھا۔ مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان نے کہا کہ یہ بہت اچھی بات ہے کہ سچ نہ چھپایا جائے، اگر کسی ناحق کو سامان دیا گیا تو ان کا نام سامنے لائیں، تفصیلات دیں تاکہ سامان کی غلط ترسیل کرنے والوں کے خلاف ایکشن لیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ این سی او سی اور این سی سی کا جو فیڈ بیک ہے اس کے مطابق جائز حقدار لوگوں کے پاس سامان گیا ہے۔

شال بقیہ 20

کے اثاثے بیچنے پر مشاورت کی گئی، قائمہ کمیٹی کو بتایا گیا کہ صدر ٹرمپ روز ویلٹ ہوٹل خریدنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، کابینہ اور نجکاری کمیٹی روز ویلٹ ہوٹل کی نجکاری کی منظوری نہیں دے سکتی، روز ویلٹ ہوٹل کی نجکاری کی مشترکہ مفادات کونسل سے منظوری ضروری ہے، سینیٹ کی دفاعی کمیٹی نے روز ویلٹ ہوٹل کی نجکاری کی مخالفت کی جبکہ حکومت نظر انداز کر رہی ہے، پی آئی اے کا عسکریت سے کیا تعلق جو سی ای او کے اشتہار میں وار کورس بھی اہلیت میں رکھا گیا، کیا ڈی جی سول ایوی ایشن سے استعفیٰ نہیں لیا جانا چاہیے۔

شال بقیہ 21

پاکستان میں جس تبدیلی کا وعدہ کیا گیا آج تک وہ نظر نہیں آرہی البتہ عوام کو مہنگائی، معاشی بدحالی، بے روزگاری، ذخیرہ اندوزی کے دلدل میں دھکیل دیا گیا ہے تبدیلی سرکار نے صرف جھوٹ اور یوٹرن لئے اور ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے عوام، تاجر، ملازم دشمن اقدامات نے ہر طبقے کا جینا محال کر دیا ہے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کر کے اور مہنگائی میں کئی گنا اضافے کر کے ملازم طبقے کی کمر توڑ دی گئی ہے، سرحدوں کو بند اور بلا جواز ٹیکسز لگا کر تاجروں کا کاروبار بند کر دیا گیا ہے، ملکی تاریخ میں ریکارڈ قرضے لیکر ملک کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھوا دیا گیا ہے جبکہ آئے روز حکومت کی کرپشن کی داستانیں زبان زد عام ہیں لیکن حکمران آج بھی سب اچھا ہے کا نعرہ لگا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو سالوں میں ملک خارجہ محاذ پر بھی ناکام نظر آرہا ہے کشمیر کو این آر او دینے کی تیاریاں کی جارہی ہیں کشمیر میں بدترین مظالم جاری ہیں جبکہ حکومت نے کشمیر کاز کو شدید نقصان پہنچانے کے بعد اب خاموشی اختیار کر لی ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کا چلنا اب ناممکن ہو گیا ہے عوام عید کے بعد اچھی خبر سنیں گے۔

شال بقیہ 22

جائے گا تاکہ وہ خوشحال اور آزادانہ زندگی گزار سکیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز ایک مقامی ہوٹل میں ایک سیمینار میں بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس سیمینار کا انعقاد کی محکمہ بحالی خصوصی افراد سندھ کے تعاون سے ہینڈی

کیپ انٹرنیشنل اور یو این ویمن نے کیا تھا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر غلام نبی نظامانی، ایڈیشنل سیکرٹری ابوبکر مدنی، رانا آصف کنسلٹنٹ ایچ آئی / یو سیمن ویمن، جاوید رئیس ڈس ایبل ویلفیئر ایسوسی ایشن اور دیگر اسٹیک ہولڈرز بھی موجود تھے۔ سید قاسم نوید قمر نے اسٹیک ہولڈرز کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز کو خصوصی افراد سے متعلق قواعد 2020 میں شامل کیا جائے گا اور اس مقصد کے لئے جلد ہی ایک کمیٹی چیف سیکریٹری سندھ کے حکم سے تشکیل دی جائے گی اور تمام اہم اسٹیک ہولڈرز بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری خصوصی افراد کو ان کے تمام حقوق دینے کے خواہشمند ہیں اور انہوں نے خصوصی افراد کے حقوق کے تحفظ کے لئے تمام اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس موقع پر خصوصی افراد کے لئے قوانین پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ معاشرے کے تمام کمزور گروہوں کو ان قوانین کے ذریعے مکمل تحفظ دیا جائے گا۔

شال بقیہ 23

بتائیں کے کہ 2018 میں کیا کچھ ہوا لیکن ایک بات اب واضح ہو چکی ہے کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران پاکستان میں معاشی، توانائی، چینی، آٹے کے بحران اور بڑے بڑے اسکینڈل اور مہنگائی، بے روزگاری کے تحفے ملے ہیں پاکستان کے عوام نے ان بدترین بحرانوں کا سامنا کیا اور آج بھی کر رہے ہیں معلوم نہیں یہ بحران اور کتنا عرصہ چلیں لیکن میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستانی قوم کو مزید ان بحرانوں کے دورانیے سے محفوظ رکھے اور ان آفتوں کا دورانیہ مزید نہ بڑھے، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پاکستان مخصوص بلوچستان کے عوام مایوس ہونے کی بجائی صبر سے کام لیں دو دن دور نہیں جب ملک و قوم کے اچھے دن آئیں گے۔

شال بقیہ 24

ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 75.167 روپے سے گھٹ کر 20.167 روپے اور قیمت فروخت 05.168 روپے سے گھٹ کر 50.167 روپے ہوگئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 20 پیسے کم ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 40.167 روپے سے گھٹ کر 20.167 روپے اور قیمت فروخت 90.167 روپے سے گھٹ کر 70.167 روپے پر آگئی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید 50.190 روپے سے بڑھ کر 191 روپے اور قیمت فروخت 50.192 روپے سے بڑھ کر 193 روپے ہوگئی جبکہ برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 50.209 روپے اور قیمت فروخت 50.211 روپے مستحکم رہی۔ فوریکس رپورٹ کے مطابق سعودی ریال کی قیمت خرید 90.43 روپے اور قیمت فروخت 40.44 روپے برقرار رہی جب کہ یو اے ای درہم کی قیمت خرید 90.44 روپے اور قیمت فروخت 50.45 روپے اور قیمت فروخت 40.45 روپے مستحکم رہی۔

شال بقیہ 25

کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ سید اقبال شاہ نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف ہسپتالوں میں سہولیات کی فقدان کے باعث عام عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلکہ اس حوالے سے حکومت کی طرف سے کوئی چیک اینڈ بیلنس بھی نہیں ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے دو بڑے ہسپتالوں میں سول سنڈیمن ہسپتال میں فی میل میڈیسن وارڈ کا لنف دو ماہ سے خراب ہے جس کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہے مگر حکومت وقت اس حوالے سے سنجیدہ نہیں بلکہ اپنی نااہلی چھپانے کیلئے الزامات کا سہارا لے رہی ہے، موجودہ حکومت کے دو سال گزرنے کو ہے اور دو بجٹ پیش کر چکی ہے لیکن آج بھی صحت، تعلیم سمیت دیگر شعبوں کی ناکامی کا ملبہ سابقہ حکمرانوں پر ڈالنے اور اپنی ناکامی چھپانے کی کوشش کی جارہی ہے جبکہ دوسری جانب ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی رپورٹ نے حکومت بلوچستان کی کارکردگی کا پول کھول دیا ہے جس میں سب سے زیادہ بلوچستان کی عوام نے صوبائی حکومت کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے، حکومت بلوچستان عوام کو سہولیات فراہم کرنے کی بجائے ٹویٹر کا سہارا لیکر عوام کو بے وقوف بنانے کی کوشش کر رہی ہے، ہم عوام کے ساتھ اس طرح کی کسی بھی زیادتی کو برداشت نہیں کریں گے۔

شال بقیہ 26

برقرار نہ رکھے گئے تو کورونا کیسز بڑھنے کے امکانات زیادہ ہو جائیں گے سیاسی رہنما، عوام، ڈاکٹرز، انجینئرز، صحافیوں سمیت جو کورونا وباء سے شہید ہوئے اس سے ناقابل تلافی نقصان ہوا اگر اب سماجی فاصلے برقرار نہ رکھے گئے تو ایک بار پھر کورونا وائرس کے پھیلنے کے خدشات بہت زیادہ ہیں بلوچستان کے عوام سے پرزور اپیل ہے کہ وہ سماجی فاصلے کو برقرار رکھیں بلوچستان حکومت کے پاس اتنی صلاحیت نہیں کہ وہ کوئٹہ یا بلوچستان میں کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے مثبت اقدام کرے عوام خود اپنی حفاظت کو یقینی بنائیں پارٹی کے ضلعی عہدیداروں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ضلعی، تحصیلوں، شہروں میں سماجی فاصلوں کو برقرار رکھنے کیلئے عوام کو شعور دیں تاکہ کورونا ایس او پیز کے عملدرآمد کرکے پیاروں کی جانب بچائی جاسکے۔

شال بقیہ 27

کوشش دوران ڈکیتی مزاحمت کرنے پر فائرنگ سے پمپ مالک دانش آفریدی موقع پر جاں بحق ہوگئے ملزمان پمپ سے دو لاکھ نقد رقم و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس کو واقع کے اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او حب سٹی عطا اللہ نمانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ایس ایچ او حب سٹی عطا اللہ نمانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ جام کالونی میں چھاپہ مار کر تین ڈکیتوں کو گرفتار کر کے چھینے گئے دو لاکھ نقد رقم، دیگر سامان اور تین عدد ٹی ٹی پستول برآمد کر لئے ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 28

جاں بحق ہوگیا ہے جبکہ سریاب روڈ پر نامعلوم چوروں کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا ہے اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے دشت کے قریب مسافر ویگن کی ٹکر سے ایک شخص ولی داد ولد حضور بخش جاں بحق ہوگیا جس کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ موسیٰ کالونی کے قریب نامعلوم چوروں کی فائرنگ سے ایک شخص محمد سلیم زخمی ہوگیا ہے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 29

شخص شدید زخمی، موٹر سائیکل عمل تباہ، لیویز ذرائع کے مطابق قلات سے تقریباً 70 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع علاقہ شیشاری پارود میں علی الصبح عبدالعزیز ولد محمد حسن قوم محمد حسنی سکنہ شور پارود موٹر سائیکل پر

جارہا تھا کہ راست میں نامعلوم افراد کی جانب سے بچھائے گئے بارودی سرنگ کی زد میں آگئے بارودی سرنگ دھماکے سے موٹر سائیکل مکمل تباہ جبکہ عبدالعزیز شدید زخمی ہوگئے اطلاع ملنے پر زخمی کو تشویشناک حالت میں قلات ہسپتال منتقل کر دیا گیا جنہیں طبی امداد کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ مزید تفتیش قلات لیوی

عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، سیکرٹری صحت

حکومت بلوچستان صحت عامہ کے شعبے میں بہتری لانے کے لئے دستیاب وسائل کو بروکار لارہی ہے

محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی بلوچستان دونوں ادارے صحت عامہ کے شعبے میں اپنے خدمات سرانجام دے رہے ہیں، دوستین جمالدینی

واشک (ن ن) سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین جمالدینی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت عامہ کے شعبے میں بہتری لانے کے لئے دستیاب وسائل کو بروکار لارہی ہے بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں لوگوں کو ان کے دہلیز پر صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے ہر ممکن اقدامات کی جارہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہیمہ کے بنیادی مرکز صحت ذیک کے دورے کے موقع پر کیا اس موقع پر پی پی ایچ آئی واشک کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر ڈاکٹر امین اللہ بلوچ نے ادارے کے بارے میں بریفنگ دی جبکہ صوبائی سیکرٹری صحت نے ٹیلی ہیلتھ سروسز کے بارے میں معلومات حاصل کی جس پر ڈی ایس ایم نے بتایا ٹیلی ہیلتھ واشک ٹاؤن پی ایچ او میں قائم کیا گیا ہے جس سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

کوئٹہ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدرایڈووکیٹ کامران مرتضیٰ کی عیادت کررہے ہیں

پاک وطن کو غلامانہ سایوں پاک دیکھنا چاہتے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

آئینی جدوجہد کی بدولت ملک کے اسلامی تشخص کے خلاف کام کرنے والی ہر قوت کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑرہی ہے

ملک کی بقاء میں پوری قوم کی خوشحالی پنہاں ہے، امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ہاشم خیلخیل، مفتی عبدالسلام رئیسانی، مفتی عبدالغفور مدنی، اور حافظ مسعود احمد کی سربراہی میں قائم کمیٹیوں نے مختلف یونٹوں کے اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک وطن کو غلامانہ سایوں پاک دیکھنا چاہتے ہیں، ملک کی بقاء میں پوری قوم کی خوشحالی پنہاں ہے، جمعیت علماء اسلام ملک میں اسلامی نظام کے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم 5 روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں انسداد پولیو مہم 5 روز جاری رہنے کے بعد اختتام پذیر ہوگئی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق کوئٹہ کی 10 یونین کونسلوں میں انسداد پولیو مہم پانچ روز جاری رہنے کے بعد جمعہ کو اختتام پذیر ہوگئی خصوصی پولیو بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

عوام کے مسائل حل کرنے میں سکون اور خوشی محسوس کرتا ہوں، نور محمد مگسی

پاکستان سمیت دنیا بھر کو کرونا کے غیر معمولی چیلنج کا سامنا ہے وبا نے ہماری معاشرتی اور مشیعت پر گہرے اثرات مرتب کئے ہیں

عوام کرونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے احتیاطی تدابیر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ سیاست عوام کی خدمت کا نام خدمت خلق ہی ہمارا ایجنڈا ہے ماضی کی منافقانہ اور کرپشن زدہ سیاست نے عوام کیلئے مسائل پہاڑ کھڑے کئے عوام کے مسائل حل کرنے میں ذہنی سکون اور خوشی محسوس کرتا ہوں حلقے کے دونوں اضلاع کو ترقی دلانا میرا مشن ہے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اُنکے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کررہے بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نورالامین ملاقات کررہے ہیں

خضدار یوٹیلیٹی سٹورز میں چینی ناپید عوام رل گئے پوچھنے والا کوئی نہیں

خضدار ملک میں آٹے قلت کے بعد خضدار چینی فی کلو میں 8 روپے اضافہ ہوگیا

خضدار (نامہ نگار) یوٹیلیٹی سٹورز میں چینی ناپید عوام رل گئے پوچھنے والا کوئی نہیں یوٹیلیٹی کا مال بازار میں مہنگے داموں فروخت 70 روپے کا چینی 92 روپے سے 95 روپے میں خضدار: ملک میں آٹے قلت کے بعد خضدار چینی فی کلو میں 8 روپے اضافہ ہوگیا•• خضدار: میں چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کا سلسلہ جاری•• خضدار: چینی کی قیمت میں اضافے کے بعد 92 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا خضدار، دس دن میں چینی کی 50 کلو والی بوری میں 800 روپے اضافہ ہوگیا• خضدار دس دن پہلے 50 کلو والی چینی کی قیمت بوری 3700 روپے سے بڑھ کر 4600 تک ہوگیا•• خضدار: چینی بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

اوتھل کے نواحی علاقے وایارو میں بھتیجے نے اپنے چچا کو تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر قتل کردیا

لیویز ذرائع کے مطابق قتل زمین کے تنازعے پر ہوا ہے

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل کے نواحی علاقے وایارو میں بھتیجے نے اپنے چچا کو تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر قتل کردیا، لیویز ذرائع کے مطابق قتل زمین کے تنازعے پر ہوا ہے، تفصیلات کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب اوتھل کے نواحی علاقے وایارہ میں گھر میں گھس کر کراچی سے آنے والے بھتیجے محمد حسن عرف بابن نے اپنے سگے چچا مزار ولد جعفر قوم صابرہ کو تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر قتل کردیا، اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ اور اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن (ر) عارف احمد نے ایس ایچ او لیویز تھانہ اوتھل عبدالجلیل سومرو کو ہدایت دی کہ قتل کے ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے جس بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

لیویز فورس نال کی کاروائی قتل 302 میں نامزد ملزم گرفتار

• نال (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار خلیل احمد بلوچ و اسسٹنٹ کمشنر نال عبدالوہاب کے ہدایت کی روشنی میں لیویز ایس ایچ او نال نذیر احمد زہری لائن آفیسر محمد عمران کی سربراہی میں دفعدار عبدالوحید، کریم بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

تحصیل گنداخہ تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، میر فہیم خان رند

گنداخہ (پ ر) حقوق تحریک گنداخہ کا ہنگامی اجلاس چیئرمین میر فہیم خان رند کے زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صدر کرامت علی جمالی جنرل سیکرٹری ایاز احمد جمالی میڈیا سیکرٹری دین محمد جمالی جوائنٹ غلام محمد جمالی کے صدر ریحان جمالی بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

کیسکو سنٹرل سرکل کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کے ترقیاتی منصوبوں کے تحت پرانے کنڈکٹروں اور ڈسک کی تبدیلی کا کام جاری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سینٹرل سرکل کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کے ترقیاتی منصوبوں کے تحت پرانے کنڈکٹروں اور ڈسک کی تبدیلی کا کام جاری ہے اس سلسلے میں ایس ڈی او کیسکو سپرنٹنڈنگ انجینئر ڈویژن علی بلوچ اور ایکس ایم پر مشتمل عملہ نے گزشتہ روز سی روڈ پر انڈسٹریل کے علاقے میں (Re-Conducturing) پرانے کنڈکٹرز اور خراب ڈسک کی تبدیلی کا عمل مکمل کیا گیا کیونکہ پرانے کنڈکٹروں کی وجہ سے انڈسٹریل کے علاقے میں وولٹیج بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

حکومت روزمرہ کے اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام ہوچکے ہیں، غلام مصطفیٰ آرائیں

مہنگائی اتنا زیادہ ہے کہ غریب لوگ اپنے بچوں کا علاج معالجہ کرنے نہیں سکتے ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) پبلک ہیلتھ لیبر یونین ضلع جعفرآباد کے جنرل سیکرٹری کامریڈ غلام مصطفیٰ آرائیں نے کہا ہے کہ حکومت روزمرہ کے اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام ہوچکے ہیں جس کی وجہ سے مہنگائی عروج پر پہنچ چکا ہیں جس سے مہنگائی نے ملازمین اور غریب عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے اس شدید مہنگائی میں ملازمین کا گھر کی گزر سفر مشکل ہوگیا ہے مہنگائی اتنا زیادہ ہے کہ غریب لوگ اپنے بچوں کا علاج معالجہ کرنے نہیں سکتے ہیں ادویات کی قیمتوں میں سو فیصد اضافہ ہونے سے ملازمین سخت پریشانیوں سے دوچار ہیں لیکن ملازموں کی تنخواہ کم ہونے سے ان کے گھروں کے چولہے بھی ٹھنڈا ہوکر رہ گئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے احکامات پر لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ نے عملدرآمد شروع کردیا

کانگو وائرس اور کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر کے تحت جراثیم کش اسپرے کا سلسلہ جاری ہے

لسبیلہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے احکامات پر لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ نے عملدرآمد شروع کردیا ایس او پیز کے تحت قائم مویشی منڈی حب میں کانگو وائرس اور کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر کے تحت جراثیم کش اسپرے کا سلسلہ جاری ہے لسبیلہ کی تمام تحصیلوں میں قائم کئے گئے مویشی منڈیوں کے بیوپاریوں اور قربانی کے جانور خریدنے والوں کے لئے سیکیورٹی سمیت تمام بنیادی سہولیات فراہم بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

موجودہ حالات میں احتیاط اتنی ضروری ہے جتنی آغاز میں کی جارہی ہیں، احمد فارق بازئی

وباء سے بچاؤ اور آگاہی میں طلباء کو موثر طور پر مدد کریں، وائس چانسلر بیوٹمز

کوئٹہ (این این آئی) معاشی توازن اور معاشرے میں ہم آہنگی کے لئے تعلیمی اصلاحات ناگزیر ہے جدید تقاضوں سے مزین طرز تعلیم اور تدریسی عمل طلباء کے مستقبل کے کامیابی پر مصر ہے موجودہ حالات میں احتیاط اتنی ضروری ہے جتنی آغاز میں کی جارہی ہیں تاکہ کورونا کی وباء پر قابو پایا جاسکے ڈاکٹر اور اور طب سے وابستہ افراد کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی بھی بنیادی ذمہ داری ہے کہ اس وباء سے بچاؤ اور آگاہی میں طلباء کو موثر طور پر مدد کریں۔ ہمیشہ اس بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

کوئٹہ، ضروری مرمت کے سلسلے میں 27 جولائی کو گیس کی ترسیل بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کوئٹہ کے ایک اعلامیے کے مطابق ضروری مرمت کے سلسلے میں مورخہ 27 جولائی 2020 بروز سوموار صبح گیارہ بجے سے سہ پہر تین بجے تک جناح ٹاؤن، گلی پاکھہ خان، گلی برات، گلی اسماعیل اور ان سے ملحقہ علاقوں کو گیس کی ترسیل بند رہے گی صارفین بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

منشیات کے خاتمے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر برہانی

منشیات فروشوں اور اشتہاری ومفرور ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا

برہانی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر برہانی عظیم جان دمڑ نے کہا کہ ضلع برہانی میں منشیات فروشوں کے خلاف کمشنر ہی ڈویژن کی خصوصی ہدایت پر کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا گزشتہ شب خفیہ اطلاع ملنے پر شاہرگ نے کارروائی کرتے ہوئے شاہرگ بازار میں ایک مکان پر چھاپہ مار کر بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

مسلم ممالک استعماری کمپنیوں کا بائیکاٹ کریں، سید نثار حسینی

گوگل اور ایپل کی جانب سے فلسطین کو دنیا کے نقشے سے مٹانے کی مزمت کرتے ہیں

کوئٹہ (نامہ نگار) مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری عزاداری سید نثار حسینی نے کہا کہ گوگل اور ایپل کی جانب سے دنیا کے نقشے سے فلسطین مٹانے کی مزمت کرتے ہیں سرزمین انبیاء فلسطین کو اسرائیل میں ضم کرنا عالم اسلام کی غیرت کیلئے چیلنج ہے مسلم ممالک بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

کوئٹہ بلوچستان کے مقامی اخبارات وجرائد کا ایک وفد ڈائریکٹر پی آئی ڈی کوئٹہ عبدالمنان سے ملاقات کررہے ہیں

میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت میں قلات اپنی حقیقی منزل کی جانب گامزن ہیں، کامریڈ سلام لانگو

وزیر داخلہ بلوچستان قلات کی ترقی کیلئے دن رات ایک کرکے جدوجہد کررہا ہیں

قلات (پ ر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت میں قلات اپنی حقیقی منزل کی جانب گامزن ہیں اربوں روپے کی پروجیکٹس جب پایہ تکمیل ہوجائینگے تو قلات ایک مثالی ضلع بنے گی کامریڈ سلام لانگو بلوچستان عوامی پارٹی قلات کے ترجمان کامریڈ سلام لانگو نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ وزیر داخلہ بلوچستان نوجوان لیڈر میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت میں قلات اپنی حقیقی منزل کی جانب گامزن ہیں وزیر داخلہ بلوچستان قلات کی ترقی کیلئے دن رات ایک کرکے جدوجہد کررہا بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا سریاب روڈ قمبرانی روڈ اور دیگر متعلقہ علاقوں کا دورہ خوش آئند ہے، ملک مصلح الدین مینگل

سریاب کے عوام کے مسائل ترجیحاتی بنیادوں پر حل ہورہے ہیں، مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کا سریاب روڈ قمبرانی روڈ اور دیگر متعلقہ علاقوں کا دورہ خوش آئند ہے سریاب کے عوام کے مسائل ترجیحاتی بنیادوں پر حل ہورہے ہیں، ان خیالات کا اظہار معروف قبائلی شخصیت بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما ملک مصلح الدین مینگل نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سریاب کوئٹہ کا قدیم ترین علاقہ ہے اس بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

انسانی جان بچانے سے بڑھ کر کوئی نیکی اور عبادت ہو نہیں سکتی، یونس زہری

خضدار جیسے وسیع آبادی والے علاقے کے لئے اس سہولت کی فراہمی کے لئے اپنی کوششیں بروئے کار لے آئے

خضدار ٹیچنگ ہسپتال جو کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے طور پر متعارف ہے اور اس پر مریضوں کا کافی زیادہ بوجھ ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

بلوچستان کے سینئر صحافی حاجی عبدالرحمن بادینی کی نماز جنازہ کلی سردار بادینی نوشکی میں ادا کی جارہی ہے

خضدار (ن ن) بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال وینٹی لیٹرز "قار پاکستان" کی جانب سے وینٹی لیٹر مشین فراہم کردیا، اس موقع پر رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری بھی موجود تھے جنہوں نے تقریب سے خطاب کیا۔ تقریب ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خضدار میں منعقد ہوئی۔ جس میں رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری، بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن انجینئر رضاء زہری کنٹرولر انجیرامنیشن محمد انور بلوچ ڈائریکٹر پلاننگ بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

ایس ایچ او نال کا اشتہاری ملزمان کے خلاف کاروائی اشتہاری گرفتار

خضدار (نامہ نگار) قائمقام ایس ایس پی بجل احمد • کی خصوصی ہدایت ڈی ایس پی نال • سکندر حیات جمالی • کی نگرانی میں ایس ایچ او نال سب انسپکٹر • عبدالعزیز خدا • اے ایس آئی کلیم اللہ ۔ و دیگر اہلکاروں نے اشتہاری ملزم حضور بخش کو گرفتار کرلیا ملزم سے مزید تفتیش جاری ہیں۔

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کی ہدایات پر میونسپل کمیٹی گنداواہ کیجانب بکرا منڈی کا افتتاح

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کی ہدایات پر میونسپل کمیٹی گنداواہ کیجانب بکرا منڈی کا افتتاح، بکرا منڈی لگانے کا مقصد عیدالاضحیٰ کے دنوں میں شہریوں کو کورونا وائرس ایس او پیز کے تحت قربانی کے جانوروں بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی، سی آئی اے نصیر آباد کی کاروائی

گرفتار ملزم کے انکشاف پر چوری شدہ مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، مزید برآمدگیاں متوقع

نصیر آباد (این این آئی) سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی اور سی آئی اے نصیر آباد کی کامیاب کاروائی گرفتار ملزم کے انکشاف پر چوری شدہ مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد مزید برآمدگیاں متوقع جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیوں کو مزید تیز کردیا گیا ہے ایس ڈی پی او سرکل ڈیرہ مراد جمالی ڈی ایس پی ملک عبدالغفار سیلاچی نے سٹی ایس ایچ او سکندر سعید عمرانی اور سی آئی اے انچارج صوبدار خان سیال کے ہمراہ میڈیا نمائندوں کو تفصیلی بریفنگ، ایس ڈی پی او ملک عبدالغفار سیلاچی نے بتایا ہے کہ ڈپٹی انسپکٹر جنرل بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

شہید عارف کیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں مستحقین میں راشن تقسیم کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) شہید عارف کیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں مستحقین میں راشن تقسیم کیا گیا شہید عارف فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر رامین جان محمد حسنی، ماسٹر امین محمد حسنی، صادق امین محمد حسنی و دیگر کارکنوں سے مستحقین میں راشن تقسیم کیا گیا اس موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں فاؤنڈیشن کے سربراہ سردار زادہ میر رامین جان محمد حسنی نے کہا کہ شہید سردار عارف جان محمد حسنی انسانیت کے عظیم علمبردار تھے اور ان کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

کے الیکٹرک کا لائسنس معطل ہونا چاہیے، سندھ ہائی کورٹ

کراچی کے لوگ اس ادارے کی وجہ سے تکلیف میں ہیں، جسٹس خادم حسین شیخ

عدالت عالیہ نے کنڈے ہٹانے اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ختم کرنے کا حکم دے دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس خادم حسین نے کہا ہے کہ کے الیکٹرک کا لائسنس معطل ہونا چاہیے، کراچی کے لوگ اس ادارے کی وجہ سے تکلیف میں ہیں۔ لوڈ شیڈنگ سے مستحق علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کے خلاف درخواست کی سماعت کے دوران سندھ ہائی کورٹ کے الیکٹرک کے انتظامیہ اور وکلا پر برہم ہوگئی۔ عدالت عالیہ نے کنڈے ہٹانے اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ نے 25 اگست کو کے الیکٹرک سے پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔ جسٹس خادم بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

حکمرانوں کا جانا طے ہوچکا عوام عید کے بعد اچھی خبر سنیں گے، علی مدد جتک

تبدیلی کے دعویداروں نے آج نئے پاکستان کو 50 سال پیچھے دھکیل دیا ہے

عوام اب اس تبدیلی کو مزید برداشت نہیں کرسکتی حکمرانوں کا جانا طے ہوچکا ہے، صوبائی صدر پی پی پی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ 2 سال میں یوٹرن، مہنگائی، تباہی، لجھوت، میگا اسکینڈلز کے علاوہ ملک وقوم کو کچھ نہیں ملا، تبدیلی کے دعویداروں نے آج نئے پاکستان کو 50 سال پیچھے دھکیل دیا ہے عوام اب اس تبدیلی کو مزید برداشت نہیں کرسکتی حکمرانوں کا جانا طے ہوچکا ہے عوام عید کے بعد اچھی خبر سنیں گے۔ یہ بات انہوں نے 2018 کے بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

گوادر پی زیڈ پارک اور میرین ڈرائیو کا ایک خوبصورت منظر

تونسک کے معروف معلم مقامی اسکول کے سابق پرنسپل جمعہ خان قلندرانی انتقال کرگئے

خضدار (این این آئی) تونسک کے معروف معلم مقامی اسکول کے سابق پرنسپل جمعہ خان قلندرانی طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے، جن کی تدفین اور نماز جنازہ تونسک میں ہوئی، اور تعزیت کا سلسلہ تونسک میں جاری ہے۔ گزشتہ روز بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

نجی بینک کے 3 ڈیفالٹر شہریوں کیخلاف ریکوری کے دعوے پر نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) ہیکنگ کورٹ نے بنک الفلاح کے 3 ڈیفالٹر شہریوں کیخلاف ریکوری کے دعوے پر نوٹس جاری کرتے ہوئے 18 اگست کو جواب طلب کرلیا۔ ہیکنگ کورٹ کے جج ظفر اقبال نیم نے ڈیفالٹر عمران بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

پی ٹی آئی حکومت کی ناقص پالیسیوں کی بدولت آج ملک میں مہنگائی کا طوفان برپا ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

عوام مہنگائی کے باعث دوہرے عذاب میں اپنی زندگی بسر کررہی ہے

اوتھل (نامہ نگار) بے یو آئی پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر بے یو آئی لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی، ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا یعقوب ساسولی مولانا مفتی محمد نعیم روخجو، مولانا شاہ محمد صدیقی مولانا عبدالحلیم گنگو، مولانا عبدالحمید عارف، مفتی کفایت اللہ قاری عبیداللہ، میر عالم نوشیروانی، مولانا عمر عادل، مولانا عبدالحلیم گنگو، غلام قادر لانگو مفتی محمد یوسف مولوی محمد اسلم حزب بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

ضلع لسبیلہ میں محکمہ ایریگیشن کی اسکیمات کو جلد مکمل کیا جائے گا، علی اکبر بلوچ

ضلع بھر میں 6 ڈیموں پر تعمیراتی کام مکمل ہوچکے ہیں وندر ڈیم پر بھی عنقریب کام شروع کیا جائے گا

اوتھل (نامہ نگار) سیکرٹری ایریگیشن بلوچستان علی اکبر بلوچ نے کہا کہ ضلع لسبیلہ میں وراتہ بیک پروجیکٹ پر کام جاری ہے ضلع بھر میں 6 ڈیموں پر تعمیراتی کام مکمل ہوچکے ہیں وندر ڈیم پر بھی عنقریب کام شروع کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ لسبیلہ کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ضلع لسبیلہ میں محکمہ ایریگیشن کی اسکیمات کو جلد مکمل کیا جائے گا لاکھڑا گدڑی تقسیم گاہ کے معائنہ کے دوران کہا کہ لاکھڑا گدڑی تقسیم گاہ پر جلد کام شروع کیا جائے گا جس سے موضع گدڑی کی ہزاروں ایکڑ زمین جو عرصہ دراز سے غیر آباد ہیں ان کو آباد کرایا جائے گا محکمہ ایریگیشن زمینداروں کے مسائل حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کررہی ہے انہوں نے کہا کہ وراتہ بیک پروجیکٹ پر کام جاری بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

علاقے میں منشیات اسمگلروں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے، عبدالقادر شیخ

سی آئی اے چیک پوسٹ پر پولیس اہلکاروں کو ہمہ وقت چوکس رکھا جائے

اوتھل (نامہ نگار) انچارج سی آئی اے اوتھل بیلہ عبدالقادر شیخ نے کہا کہ سی آئی اے اوتھل بیلہ کی یہ کوشش ہے کہ علاقے میں منشیات اسمگلروں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے اور اس حوالے سے ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے سختی سے ہدایات کی ہیں کہ سی آئی اے چیک پوسٹ پر پولیس اہلکاروں کو ہمہ وقت چوکس رکھا جائے اور علاقے سے جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کیلئے کسی قسم کا دباؤ برداشت نہ کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے دن رات ایک کردیں ان بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

مہنگی بجلی صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ اور ہوشربا مہنگائی کا پیش خیمہ ہے، خادم حسین

فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کرکے عوام پر 13 ارب 80 کروڑ کا بوجھ ڈال دیا گیا

لاہور (این این آئی) تاجر رہنما خادم حسین سینئر نائب صدر خادم حسین نے کہا ہے کہ مہنگی بجلی صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ اور ہوشربا مہنگائی کا پیش خیمہ ہے پھر اکی جانب سے فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمتوں میں 1 روپے 88 پیسے فی یونٹ اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگی بجلی کرکے عوام پر 13 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا جس سے صنعتی شعبہ زیادہ متاثر ہوگا۔

نور محمد کوسہ نے میری زراعتی زمین پر ناجائز وغیر قانونی طور پر قبضہ کررکھا ہے، عبدالنی کھوسہ

تیرہ وین (نامہ نگار) صحبت پور کے معروف زمیندار عبدالنی کھوسہ اپنے پوتے کے ہمراہ عوامی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں صحبت پور گوٹھ فیض محمد کھوسہ دیھ نوز بند علاقہ دہانی ضلع صحبت پور کا رہائشی بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

ڈپٹی کمشنر کا ایمرجنسی گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (این این آئی) پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے جمعہ کو ایران سے 66 پاکستانی شہری پاک ایران امیگریشن گیٹ تفتان سے ان کی واپسی ہوئی ہے جن میں 37 پنجاب، 13 خیبر پختونخواہ، 10 سندھ، 3 بلوچستان اور 3 گلگت بلتستان سے ہیں پاک ایران امیگریشن گیٹ بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

کیسکو کی ٹیمیں نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کی ٹیمیں نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہے اس سلسلے میں پشین سرکل کے تحت ایکسین پشین ڈویژن کی ٹیموں نے پشین ملک یار کے علاقے میں بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (این این آئی) پاک ایران ایف آئی اے امیگریشن گیٹ تفتان سے پاکستانی شہریوں کی واپسی کا سلسلہ جاری ہے جمعہ کو ایران سے 66 پاکستانی شہری پاک ایران امیگریشن گیٹ تفتان سے ان کی واپسی ہوئی ہے جن میں 37 پنجاب، 13 خیبر پختونخواہ، 10 سندھ، 3 بلوچستان اور 3 گلگت بلتستان سے ہیں پاک ایران امیگریشن گیٹ بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

سیاحت کا ایک پیج پر ہونے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے، اصغر اچکزئی

73 سال تو بیت گئے لیکن حقیقی جمہوریت آزاد عدلیہ صاف شفاف صحافت اچھی طرز حکمرانی عوام کو نصیب نہ ہوئی

چیئرمین جمال شاہ حقیقی معنوں میں وطن ترقی وخوشحالی کیلئے شروع دن سے سرگرم عمل رہے، رہنماء عوامی نیشنل پارٹی

برہانی (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک کو معرض وجود میں آئے 73 سال تو بیت گئے لیکن حقیقی جمہوریت آزاد عدلیہ صاف شفاف صحافت اچھی طرز حکمرانی عوام کو نصیب نہ ہوئی حقیقی سیاسی جمہوری قوتیں حق حاکمیت وسائل پر اختیار کے حصول کیلئے غیر جمہوری قوتوں کے ساتھ پہلے دن سے نبرد آزما ہیں سلیکٹرز نے سلیکٹیڈ کے ہاتھوں ملک معطیعت کو تباہی کے دہانے کھڑا کیا اور وہ ڈیلیور کرنے میں مکمل ناکامی سے بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

اوتھل سیکرٹری ایریگیشن بلوچستان علی اکبر بلوچ دورہ لسبی